فروری تا مارچ تا اپریل 1960
المنار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ

(قرآن کریم سورۃ اعراف)

المنار

تعلیم الاسلام کالج ربوہ

علم و عمل

نگران

شیخ محبوب عالم خالد ایم اے

مدیر اعلیٰ

لطف الرحمن محمود



مدیران معاون

کلیم اللہ خان

مرزا محمد الیاس

جلد ۹ —— فروری، مارچ سنہ ۱۹۶۰ء —— شمارہ ۳، ۴

ترتیب

مستقل کالم

- تبرکات ——— حضرت بانی جماعت احمدیہ علیہ السلام
- بہ سبیلِ تذکرہ ——— ایڈیٹر
- نقد و نظر ——— سیلانی
- اظہارِ خیال ——— قارئین

افکارِ عالیہ

——— پروفیسر چوہدری محمد علی ایم۔اے
——— پروفیسر نصیر احمد خان ایم۔ایس سی
——— پروفیسر چوہدری محمد شریف خالد ایم۔اے۔ایل ایل بی

سوزِ دروں (غزلیں)

——— • خلیل رامپوری ——— • لطف الرحمٰن محمود ——— • محمد اقبال اختر ———
• منور احمد ساعر ———

بربطِ احساس (نظمیں)

——— • کلیم اللہ خان ——— • سمیع اللہ قریشی ایم۔اے ———

ذکر و فکر

مقالات

ادب: پیدائش اور مقاصد ——— لطیف احمد قریشی
اقبال کی شاعری میں مناظرِ فطرت ——— مرزا محمد الیاس

طنز و مزاح

- "مقررین کی قسمیں" ——— ایل۔ایم احمد
- بزمِ ابلیس ——— فاروق احمد
- "کب ایسے لوگ ہوتے ہیں پیدا جہاں میں" ——— حنیف صدیقی
- رنگریزے ——— محمد نعیم نیّر

چھاں دیاں چھلاں (پنجابی) ———

- غزل ——— منظور احمد شاکر
- غزل ——— لطف الرحمٰن محمود
- کہانی ——— منظور احمد شاکر

کہانی

کناروں کے ساتھ ساتھ ——— اختر وہاب

انتقاد

تبصرہ ——— ادارہ

پرنٹر پبلشر: جمشید ہاشمی ☆ مطبع: ضیاء الاسلام ربوہ

تبرکات

کَلَامُ الْاِمَامِ اِمَامُ الْکَلَام

لَا شَکَّ اَنَّ مُحَمَّدًا شَمْسُ الْھُدٰی

(از حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ علیہ السلام)

وَاِنَّ اِمَامِیْ سَیِّدُ الرُّسْلِ اَحْمَدُ
رَضِیْنَاہُ مَتْبُوْعًا وَّ رَبِّیْ یَنْظُرُ

وَلَا شَکَّ اَنَّ مُحَمَّدًا شَمْسُ الْھُدٰی
اِلَیْہِ رَغِبْنَا مُؤْمِنِیْنَ فَنَشْکُرُ

لَہٗ دَرَجَاتٌ فَوْقَ کُلِّ مَدَارِجٍ
لَہٗ لَمَعَاتٌ لَا یَلِیْھَا تَصَوُّرُ

اَبَعْدَ نَبِیِّ اللّٰہِ شَیْءٌ یَرُوْقُنِیْ
اَبَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَجْہٌ مُّنَوَّرُ

عَلَیْکَ سَلَامُ اللّٰہِ یَا مَرْجِعَ الْوَرٰی
لِکُلِّ ظَلَامٍ نُوْرُ وَجْھِکَ نَیِّرُ

وَیَحْمَدُکَ اللّٰہُ الْوَحِیْدُ وَجُنْدُہٗ
وَیُثْنِیْ عَلَیْکَ الصُّبْحُ اِذْ ھُوَ یَحْشُرُ

مَدَحْتُ اِمَامَ الْاَنْبِیَاءِ وَاِنَّہٗ
لَاَرْفَعُ مِنْ مَّدْحِیْ وَاَعْلٰی وَاَکْبَرُ

دَعُوْا کُلَّ فَخْرٍ لِّلنَّبِیِّ مُحَمَّدٍ
اَمَامَ جَلَالَۃِ شَانِہِ الشَّمْسُ اَحْقَرُ

وَوَاللّٰہِ اِنِّیْ قَدْ تَبِعْتُ مُحَمَّدًا
وَفِیْ کُلِّ اٰنٍ مِّنْ سَنَاہُ اُنَوَّرُ

وَفَوَّضَنِیْ رَبِّیْ اِلٰی رَوْضِ فَیْضِہٖ
وَاِنِّیْ بِہٖ اَجْنِی الْجَنٰی وَاُنَضَّرُ

میرا پیشوا سید الرسل احمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ ہم نے اس کو متبوع پسند کر لیا ہے اور میرا رب شاہد ہے۔

اور بے شک محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہدایت کے آفتاب ہیں۔ اسی کی طرف ہم نے مومن ہو کر رُخ کیا اور شکر کرتے ہیں۔

آپؐ کو تمام درجات سے بلند درجات حاصل ہیں۔ آپؐ کے ایسے انوار ہیں کہ انسانی تصوّر ان تک نہیں پہنچ سکتا۔

کیا آنحضرتؐ کو چھوڑ کر کوئی چیز مجھے خوبصورت لگ سکتی ہے کیا رسول کریمؐ کے بعد کوئی اور ایسا منوّر چہرہ ہو سکتا ہے؟

تجھ پر خدا کا سلام ہو اے مرجعِ خلائق۔ ہر ایک اندھیرے کے لئے آپؐ کا چہرہ سورج ہے۔

خدائے یگانہ آپؐ کی تعریف کرتا ہے اور اس کا لشکر بھی اور صبح بھی حضورؐ کی ثنا کرتی ہے جب وہ لوگوں کو اکٹھا کرتی ہے۔

مَیں نے تمام انبیاء کے امام کی تعریف کی لیکن وہ میری تعریف سے ارفع و اعلیٰ اور اکبر ہے۔

ہر قسم کے فخر کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہی چھوڑ دو۔ آپؐ کی جلالتِ شان کے آگے سورج بھی بالکل حقیر ہے۔

اور اللہ کی قسم مَیں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی ہے۔ اور ہر وقت آپؐ کی روشنی سے ہی مَیں نور پاتا ہوں۔

اور میرے رب نے مجھے آپؐ کے فیض کے باغوں کے سپرد کر دیا ہے اور مَیں آپؐ کے ذریعہ سے ہی پھل چنتا اور تازگی پاتا ہوں۔

صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

اداریہ

پہلے پہل تذکرہ

"المنار" کا تازہ شمارہ اس وقت آپ کے ہاتھ میں ہے۔ "یہ کیسا ہے اور کہاں تک کامیاب ہے؟" — اس کا فیصلہ آپ خود ہی کریں گے۔ لیکن یہ کن حوصلہ شکن مراحل سے گزر کر آپ کے پاس پہنچا ہے؟ — ایک دل دوز کہانی ہے جسے ممکن ہے میں نہ کہہ سکوں ع

یہ داستانِ محبت طویل ہے ساقی !!

عام حالات میں جب کہ "امتحان" کا بھوت طلبہ کے سامنے نہیں ہوتا، ان میں ایک قسم کے تخلیقی جنون کی برقی لہر دوڑ جاتی ہے۔ وہ اپنے سجے یا دو مدد گار رسالے کے لئے کچھ نہ کچھ لکھنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں — لیکن اس "فارغ البالی" کے دور میں بھی المنار کو قلمی بحران کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور ابھی خاصی تگ و دو کے بعد — یہ شکستہ ناؤ — بے التفاتی کے بے رحم تھپیڑے سہنے کے بعد — سکوت کے اتھاہ سمندر کا سینہ چیر کر منصۂ شہود پر ابھرتی ہے !!

اب جب کہ امتحان کا افسردہ دور اپنی تمام پژمردگی کے ساتھ قریب آچکا ہے — طلبہ میں ایک خوفناک اضطراب پھیلا ہوا ہے۔ اُن کے تابندہ اذہان کی پگڈنڈیوں پر اسی تفکر کی خزاں آلود گرد جم چکی ہے — اور تو اور المنار کے بعض نڈر کرم فرماؤں کے اعصاب بھی اسی خوف سے متاثر ہوئے ہیں !!

ان نامساعد حالات میں المنار کو جس قلمی بحران سے نبرد آزما ہونا پڑا ہے اس کی سنگینی یقیناً جان لیوا ثابت ہو سکتی تھی ! لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل سے ادارے کے ناتواں قدم نہیں ڈگمگائے —

مجموعی طور پر حالات کی نامساعدت ہر قدم پر حائل ہوئی ! ہماری نحیف آواز اس نقار خانے میں کئی مرتبہ گونجی مگر پردۂ گوش سے ٹکرائے بغیر فضائے بسیط میں تحلیل ہو گئی ! نوٹس بورڈز پر کئی بار اعلانات چسپاں کئے گئے مگر بہت تھوڑی آنکھوں میں رحم آتا۔ اپنے آپ کو سقراط اور افلاطون سمجھنے والوں کے سامنے بھی ہاتھ پھیلائے گئے — مگر وہ "پتھر کے صنم" خاموش رہے۔ کتابی کیڑوں کو بھی جھنجھوڑا

گیا مگر ایک دل کی دھڑکن بھی نہ ہو سکی ـــــ المنار کا گشکول تو کاشانوں تک پہنچا مگر اس کے ٹکڑے نوٹ کر ہمارے دامن تک نہ پہنچ سکے !! طلبہ کے افسوسناک جمود کا پہاڑ ـــــ نقادوں کی "ریڈی میڈ" تنقید کی خندق ـــــ اور انتظامی مجبوری کی وسیع خلیج نے بڑھ کر ہمارا راستہ روکا ! اس قسم کے "ادبی قحط" اور "قلمی بحران" کے روح فرسا ماحول میں ہم نے المنار کے اوراقِ پریشاں کو بہم کرنے کی جرأت کی ہے۔ طلبہ کے رسالہ میں کمزوری کا عنصر لازمی جزو ہوا کرتا ہے۔ اس ناپختگی کا اعتراف ہم ہمیشہ ہی کرتے رہے ہیں۔ اس مرثیہ کو اس بات کے اعلان کی ضرورت ہی نہیں۔ یہ اُن ناتجربہ کار طلبہ کا رسالہ ہے جو امتحان کے عمیق غار کے دہانے پر کھڑے ہیں ـــــ جن کی آنکھوں کے سامنے ایک "صحت مند" گدھے کے بوجھ کے برابر خشک و تدریسی کتابوں کا انبار لگا ہوا ہے۔ جن کے ہاتھ نصاب کے خاردار تاروں سے الجھے ہوئے ہیں ـــــ جن کے اعصاب اسی خوف سے مضمحل ہو چکے ہیں ـــــ بقول ہمدم جن کی

زندہ دلی کو کثرتِ افکار کھا گئی !

یہ اُن مجبور اور معذور طلبہ کا رسالہ ہے !! یہ مدنظر رکھ کر اگر نقاد کی متجسس نگاہ المنار کو دیکھے تو شاید اس کی علمیت کا حسین طلسم احساسِ مطلعیت کی ٹھوکر سے پاش پاش ہونے سے بچ جائے۔!!

چونکہ یہ شمارہ میرے عہدِ ادارت کی آخری پیشکش ہے اور مسائل کے علاوہ ذہنی اور قلبی طور پر مجھے دائمی فرقت کا احساس بھی بُری طرح ستا رہا ہے ـــــ مجھے المنار سے محبت ہے۔ میں نے المنار سے وابستہ ہو کر بہت کچھ سیکھا اور بہت کچھ پایا۔ اس "گناہ" میں بسر ہونے والے ناقابلِ فراموش ایام کی حسین یاد میری مجروح رُوح کو آخری دم تک گداز کرتی رہے گی ـــــ !!

یہ شمارہ ـــــ اپنی تمام معنوی اور صوری کمزوریوں کے باوجود مجھے تو اس لئے عزیز ہے کہ یہ کوئے حبیب کی معطر فضا میں میرا آخری سانس ہے ـــــ یہ کالج کے سنگِ در پر میرے پُرخلوص سجدے کا آخری داغ ہے ـــــ اور اس جگمگاتی ہوئی شاہراہ پر ایک بھولے بھٹکے اجنبی مسافر کے لڑکھڑاتے ہوئے قدم کا آخری نقش ہے !!

اگر آپ نے بھی اس حقیر تحفے کو قبولیت کا شرف بخشا تو میں سمجھوں گا کہ بے نوا محبت کے بے رنگ پھولوں کو نگاہِ التفات سے دیکھنے والے ابھی موجود ہیں ـــــ !!

لطف الرحمٰن محمود

(بی۔ ایس۔ سی فائنل)

شذرات

سیلانی

نقد و نظر

(پیارے قارئین! یہ "ڈائری" میں آخری بار لکھ رہا ہوں۔ اس کے بعد مجھے اس محبوب کالم کا پیٹ بھرنے کا موقع نہیں مل سکے گا۔ سوائے اس کے کہ مجھے فیل کر کے واپس "ارسال" کر دیا جائے۔ اس صورت میں بھی شاید میں محروم ہی رہوں۔ اس کالم میں اگر میں نے کسی کے لطیف جذبات اور نازک احساسات کو عمداً یا سہواً مجروح کیا ہو تو میں صمیم قلب سے معذرت خواہ ہوں۔ محمود)

"ٹنڈ کراؤ" تحریک

کالج تو وہ چیز ہے کہ جس سے جناب فرعون کے محروم رہنے کا یاروں کو اب تک افسوس ہے۔ اس کی وجہ سیلانی کو آج تک معلوم نہیں ہو سکی البتہ یہ ایک مانی ہوئی حقیقت ہے کہ کالجوں میں ہر روز کچھ نہ کچھ ہوتا ہی جاتا ہے۔ اپنے کالج میں اگرچہ احباب نے کئی کرشمے دکھائے ہیں لیکن یہ "ٹنڈ کراؤ" تحریک تو واقعی خاصی تیز اور خوفناک تھی ——!

ایک رات سیلانی نے کچھ منحوس خواب دیکھے لیکن حسن اتفاق دیکھیے، صبح کالج آتے ہی ان خوابوں کی "تعبیر" بھی مل گئی! آتے ہی کئی ایسے دوستوں سے ملاقات ہوئی جن کے دماغوں میں خلل واقع ہونے کے امکانات ذرا کم تھے۔ ان دوستوں کو ایک روز قبل صحیح و سالم حالت میں پایا گیا تھا لیکن اس روز ان کی حالت ذرا غیر ہی تھی۔ وضع قطع میں "انقلاب فرانس" رونما ہو چکا تھا، حلیہ میں بھی ترمیم کی گئی تھی۔ مختصراً یوں سمجھئے کہ بعض ندرت خیز سر جہاں خمدار گیسو اور گستاخ کاکلیں پٹ سن کی طرح کاشت تھیں "ٹنڈوں" میں ڈھل کر سورج کی دھوپ میں دائمی ایرلیوٹ کی طرح چمک رہے تھے! ظاہر ہے کہ یہ کوئی معمولی سانحہ نہیں! ایک رات کے اندر اندر اتنا تغیر؟ سیلانی حیران —— ع

یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے!

جب حواس بحال ہوئے تو کچھ ہمت کر کے حالات کو کریدا گیا، پتہ چلا کہ یہ موسمی بخار وغیرہ قسم کی کوئی چیز نہیں بلکہ ایک اچھی خاصی منظم تحریک ہے جس کی "عقابی روح" نے ہاسٹل میں جنم لیا ہے —— الغرض جانیے اس کی "ولادت" اور پھر "انتقال پُر ملال" کے واقعات نہ صرف دلچسپ بلکہ بڑے "ایمان افروز" بھی ہیں۔ دروغ برگردن راوی —— ہاسٹل کے کسی پہنچے ہوئے "بزرگ" کے سر میں کچھ "بیرونی" تکلیف ہو گئی۔ جو بعد ازاں بدقسمتی سے "اندرونی" تکالیف کا رنگ اختیار کر گئی ——

علاج معالجے کے لئے انہوں نے سر صاف کروانا ہی تھا سو ایسا ہی ظہور میں آیا۔ اور معتقدین سمجھے کہ یہ سب کچھ کسی "بالائی اشارے" کی بنا پر ہوا ہے۔ بہرحال اس طرح سادگی سے "افتتاح" کی پُروقار رسم ادا ہوئی! ابتدا میں تو بڑی مسکنت سے دعوتِ حق دی گئی —— لیکن بعد ازاں یہ لوگ "راست اقدام" —— پر بھی اتر آئے۔ انہوں نے ڈیڑھ اینٹ کی اپنی مسجد ہی علیحدہ بنا لی۔ دوستوں کے متمردہ ذہنے روایتی کی دیکھا دیکھی جھٹ انہوں نے قینچی کو "قومی نشان" قرار دے لیا۔ طرہ یہ کہ ان آلات کو سکھوں کی "کرپان" کی طرح "کلک" کا مقام حاصل ہو گیا۔ چنانچہ یہ تیز اوزار "اہل ٹنڈ" کی جیبوں میں ہمیشہ موجود رہتے! اہل ٹنڈ کا ایک وفد سیلانی کو بھی "تبلیغ" کرنے کے لئے آیا۔ دوران گفتگو میں نام تجویز کرنے کی فرمائش ہوئی۔ چنانچہ —— "اسلامک ٹنڈ ایسوسی ایشن" —— "اخوان المساکین" —— "انجمن حمایت ٹنڈاں" جیسے نام تجویز ہوئے۔ سیلانی نے اس تحریک کی ترقی کے لئے چندہ کی اپیل کا وعدہ بھی کیا! لیکن ہائے قسمت! یہ تحریک ایام طفولیت میں ہی داغ مفارقت دے گئی۔ گو یہ تحریک آج زندہ نہیں لیکن اس کی یاد

اب تک قائم ہے۔ جہاں تک "اقوال" کا تعلق ہے یہ تحریک تو بیخ شیلا لگئی تھی ---- اور اگر افعال اور اعمال کو جانچا جائے تو پھر "تاؤ ماؤ" "خوارج" یا "قرامطہ" یاد آجاتے ہیں! خیر سے اس تحریک کی کئی شاخیں تھیں ---- گورو عبداللہ صاحب کے پیرو کار رکھتے تھے کہ تیل صابن اور پانی کے لاینحل مسائل سے تنگ آکر یہ قدم اسلئے اُٹھایا گیا کہ نہ ہو بانس نہ بجے بانسری۔ دوسری "مثل" کے اصحاب نے بتایا کہ قربانی کے بکروں کی طرح منڈیاں باندھنے اور شکلیں کسنے کے بعد ان کے سروں پر اُسترا پھیر دیا۔ کئی احباب "ٹوپی" کے علاوہ اگلے سال یونین کا کوئی کلیدی عہدہ ملنے اور اس سال ہاسٹلوں میں "سٹورڈ" مقرر ہونے کی اُمید پر بھی انشراح صدر کے ساتھ منڈ گروالی۔ کئی بزرگ ایسے بھی تھے جنہوں نے تقویٰ کی باریک راہوں پر قدم مارنے کے لئے یہ روپ دھارا۔ سیلانی صرف ان احباب کا مداح و معترف ہے! باقی فصلی بٹیروں کے متعلق سردست اپنی رائے محفوظ ہی ہے!

قارئین کو علم ہے کہ اردو میں "منڈ" ---- مٹی کے اس لوٹے کو کہتے ہیں جو رہٹ میں استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح ایک لفظ "منڈا" بھی ہے جو غالباً ایک گول ترکاری کا نام ہے۔ بہرحال یہ منڈا اس منڈ کا مذکر نہیں۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے پانچ انگلیاں برابر نہیں بنائیں بعینہ اسی طرح "منڈلیں" بھی ایک سائز اور سانچے کی نہیں۔ چنانچہ یہاں بھی اگر سر بڑا ہوتا تو منڈ رہٹ کی منڈ لگتی اور اگر شومئی قسمت سے سر چھوٹا ہوتا تو گردن پر کوئی منڈ الٹا دکھائی دیتا! ہر دو صورتوں میں صاحب منڈ عجوبہ روزگار لگتا۔

یا اللہ! بات کہاں سے چلی تھی کہاں جا پہنچی! بڑی بڑی چیزوں کی طرح اس تحریک کو قبولیت عام کی سند تو حاصل نہ ہو سکی۔ البتہ اکبر کے دینِ الٰہی کی طرح یونین کے گورو عبداللہ کی وجہ سے اُن کی کابینہ کے نورتن قسم کے خاص "درباری" اس تحریک کے ابتدائی فدائی بنے! ہاسٹل کے "صوبے" میں اس کا اثر زیادہ تھا۔ بے شک کئی احباب حضرت سید سبطین شاہ صاحب کی طرح غیر جانب دار رہے ہیں لیکن "ان" کا یہ مطلب بھی نہیں کہ عزبِ اختلاف سرد خاموشی تماشائی بنی رہی۔ سیلانی کے بعض دوست ایک آدھ گیلی سی ٹوپی منڈ پھیرا تے

اور پھر نہایت سلیقہ مندی سے اسے منکا منکا کر دیا دیتے! اگرچہ ایسے حالات کا مقابلہ کرنا آسان کام نہیں لیکن گورو جی کی شخصیت کی وجہ سے اہلِ منڈ کے پائے استقامت میں جنبش نہ ہوئی لیکن بدقسمتی سے گھر کے بھیدی نے ہی اس لنکا کو ڈھا دیا۔ تفصیل اس اجمال کی یوں ہے کہ ابھی سیلانی زیرِ تبلیغ ہی تھا کہ تحریک کے اصل بانی مبانی صحت یاب ہوگئے۔ اُن کے صحت یاب ہوتے ہی تحریک کی جان پہ بن گئی۔ اُن حضرت کے "رجوع" کے ساتھ ہی اکثریت "تائب" ہوگئی اور عملی طور پر یہ ہنگامہ خیز تحریک زندہ درگور ہوگئی! جوں جوں اُن کے سر پہ بال اُگتے آئے تحریک مرحومہ کے مزار پہ گھاس ---- آج وہاں زلف لہرا رہی ہے اور دیہاں سبزہ! افسوس ہے کہ "منڈ" کی اصل کی نوبت نہ آئی ---- اگر آج مرحومہ بقیدِ حیات ہوتیں تو یقیناً سیلانی مخیر اور متمول حضرات سے امدادی رقوم بمد "یتامیٰ و مساکین" بھجوانے کی درخواست کرتا۔

مری جبیں کو ہوا شوقِ سجدہ آرائی
بحدِ شوق میسر سنگِ آستاں نہ ہوا

ٹوپیاں ہی ٹوپیاں

کالج نے طلبہ کے لئے جو سادہ سی یونی فارم تجویز کی ہے وہ ایک عدد جناح کیپ اور ایک عدد "سیاہ گاؤن" پر مشتمل ہے۔ گاؤن خدا جانے کس مرحلے میں ہیں! البتہ ٹوپیوں کا "خوانچہ" تمام کیا گیا۔ یہ گیلی ٹوپیاں دساور سے درآمد کی گئیں اور پھر سرکاری راشن کی طرح "راشن کارڈ" پر طلبہ کو ملیں۔ ان ٹوپیوں کے متعلق آئے دن احکامات جاری ہوتے رہتے ہیں۔ طلبہ کا خیال ہے کہ اربابِ اختیار ٹوپیوں میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں۔ ابتدائی قواعد کی رو سے یہ ٹوپی کالج کے اوقات میں سر پر ہونی ضروری تھی۔ ابتدا میں تو ایسے طلبہ جن کے پاس ٹوپیاں نہیں ہوتی تھیں ---- فوری طور پر اس طرح "جلاوطن" کئے جاتے تھے جیسے دودھ کے گلاس سے مکھی نکالی جاتی ہے! لیکن جب یہ جلاوطنی موثر ثابت نہ ہوئی تو چیکنگ کے ذریعے محترم پرنسپل صاحب کی قیادت میں کئی مرتبہ سینما تھیٹروں میں چھاپے مارے گئے۔ "مجرموں" کو جرمانے بھی ہوتے۔ پھر کالج کے اوقات کے بعد شام کے قریب ٹوپی پہننے کا حکم ہوا۔ اور آج جبکہ یہ سطور لکھی جا رہی تھیں! ایک "تازہ آرڈیننس" کے ذریعہ طلبہ کو "ہدایت"

کی گئی ہے کہ وہ "اگر اپنی خیر چاہتے ہیں" تو چوبیس گھنٹے اس ٹوپی سے "مسلح" رہیں۔ سیلانی کو امید ہے کہ کالج عنقریب ہی طلبہ کے سروں پر کلپوں اور رنگوں کے ساتھ ٹوپیاں چپکانے کے لئے "فنڈ ٹونس" طلب کرے گا!! احباب تیار رہیں!!

طلبہ کے علاوہ اساتذہ سے بھی توقع کی گئی ہے کہ وہ بھی کالج میں ایسی ہی ٹوپیاں استعمال کریں۔ چنانچہ متعدد واجب الاحترام بزرگوں نے دستار و کلاہ تیاگ کر ان ٹوپیوں کو زینت بخشی ہے۔ اور تو اور کالج کے مردِ آہن ——— محترم مولانا خان احمد خان صاحب مدظلہ نے بھی ٹوپی پر قناعت کر لی ہے! ——— کاش اللہ تعالےٰ مبارک کرے!!

سیلانی کا اصل موضوع "طلبہ اور ٹوپیاں" ہے کسی نے سچ کہا ہے "نظر اپنی اپنی پسند اپنی اپنی" ——— یوں معلوم ہوتا ہے کہ شاعر نے اس کالج کے طلبہ کے سروں پر ٹوپیاں دیکھ کر ہی یہ شعر گھڑا ہے! یہ تو ٹھیک ہے کہ ٹوپیاں ایک سی ہیں ——— لیکن پہننے میں جدت سے کام لیا جا رہا ہے! کئی احباب ٹوپی کو ٹوپی سمجھ کر استعمال کر رہے ہیں لیکن اکثریت ——— "ادب برائے ادب" کی طرح "ٹوپی برائے ٹوپی" کی قائل ہے! ان کا خیال ہے کہ ٹوپی یا تو کوئی دستانہ ہے یا پھر کسی خیالی بساکھی کا بالائی حصہ ہے جسے ہر وقت بغل میں رکھنا ضروری ہے! ——— کئی حضرات ذرا زیادہ ہی نازک اور گل اندام واقع ہوئے ہیں! ٹوپی سر پر رکھتے ہی ان کی حالت نازک ہو جاتی ہے اور اسی روایتی بیل کی طرح منہ بسورتے ہیں جس نے ——— کرۂ ارض کو سینگوں پہ سہارا ہوا ہے!! اب ذرا پہننے والوں سے سنئے ——— ہر ایک نے اپنے اپنے سلیقے کے مطابق "سٹائل" تراش لیا ہے کہیں کان پوشیدہ ہے کہیں جبین مضمر ہے کہیں ٹوپی صراحی دار گردن سے چپکی ہوتی ہے ——— اور کہیں ناک پر الٹی ہوتی ہے ——— کئی حضرات ٹوپی اس طرح سر پر جماتے ہیں کہ بے چارے مُرغ یاد آنے لگتا ہے!! اور پھر کئی منچلے اسے اس طرح توڑ مروڑ کر جیب میں ٹھونستے ہیں جس طرح میانی صاحب کے قبرستان میں اتفاقاً قبر تنگ نکلنے پر مظلوم میت کی درگت بنائی جاتی ہے! پھر جیب سے نکال کر اسے اس طرح سر پر رکھتے ہی سے "فٹ" کیا جاتا ہے کہ یہی جناح کیپ پشاوری قراقلی کی طرح گول ہو جاتی ہے! سبحان اللہ ع

ایں سعادت بزورِ بازو نیست!

ٹوپی کے "اجراء" کے ساتھ ہی ایک نئی چہل پہل شروع ہو چکی ہے ماحول کی تازگی اور شگفتگی پر بھی اس کا اثر پڑا ہے کیونکہ "والی بال" کی دلچسپی کا زریں موقع مل جاتا ہے! "ٹوپی پوش طلبہ" اپنی مخصوص "شیخی" اور "مسکینی" کے باوجود ہشاش بشاش نظر آتے ہیں ——— یہ ٹوپیاں ——— ستمبر ٹسٹ میں بھی ساتھ رہی ہیں۔ بلکہ وہ قسمت کے مارے جو ان سے محروم تھے ——— انہیں جبراً ہجرت پر مجبور کیا گیا ——— ممکن ہے کئی حضرات نے ٹوپیوں کی موجودگی سے فائدہ بھی اٹھایا ——— یہ جناح کیپ "اسرارِ سلیمانی ٹوپی" ثابت ہو سکتی ہے ——— فقط "ہاتھ کی صفائی" کی ضرورت ہے "ہاں جان! آزمائش شرط ہے!!"

ان ٹوپیوں ——— کا اثر صرف کمرۂ امتحان تک ہی محدود نہیں رہا بلکہ "سرکاری" مباحثے اور دعوتیں بھی ان سے متاثر ہوتی ہیں ——— سیلانی کے ایک مظلوم دوست کو مجبوراً "سٹیج" سے اترنا پڑا اور پھر "دسترخوان" سے بھی اٹھنا پڑا ——— !! ان حادثات کا سیلانی کو بہت صدمہ ہے۔ فضول ٹوک انسانی فطرت میں داخل ہے ——— لیکن بسا اوقات عجیب و غریب نتائج برآمد ہوتے ہیں!

سیلانی کو ٹوپیوں کے معاملے میں صرف ایک بات اور کہنا ہے اور وہ یہ کہ داخلے کی میز پر جن احباب کو "لائسنس" نہیں ملا ——— ازراہِ کرم ان کی ٹوپیاں نصف قیمت پر واپس لینے کا فوری انتظام کیا جائے ———!

باسکٹ بال ٹورنامنٹ

محترم خان نصیر احمد خان صاحب کی نگرانی میں دو چیزیں ہیں ایک تو محترمہ "ٹونیتا" ہیں اور دوسری باسکٹ بال کلب ——— خان صاحب کو "مسیحائی" میں بھی ید طولیٰ حاصل ہے ——— یہ دونوں چیزیں جب سے خان صاحب کے گلے پڑ گئی ہیں دن دوگنی رات چوگنی ترقی کر رہی ہیں ——— لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اس سال خان صاحب موصوف نے صرف

باسکٹ بال کی جنس پر ہی ہاتھ رکھا ہے! کیونکہ یوٹین نے اس سال "چوکا" لگائے
نمایاں "سراج" دیئے ہیں وہ قارئینِ "المنار" پر روزِ روشن کی طرح واضح ہیں!
"یوٹین" کو سیلانی کسی علیحدہ جگہ یاد کر رہا ہے ——! فی الحال باسکٹ بال
کو لیجئے ——

—— جن بیچ ثقافتی اور سماجی سرگرمیوں کیلئے اپنا کالج مشہور
ہے "باسکٹ بال ٹورنامنٹ" ان میں سرِفہرست ہے! اس سال بھی یہ
مقابلے پورے جوش و خروش سے منعقد ہوئے۔ ہفتہ عشرہ پہلے ہی تیاریاں
شروع ہو گئیں۔ کھلاڑیوں کی رہائش و آسائش کے لئے معقول انتظامات
کئے گئے۔ صفِ اوّل کے کمرے مہمانوں کے اعزاز میں خالی کر دیئے گئے۔
ان کمروں کا فرنیچر برآمدوں اور دیگر کمروں "ولان" میں جمع ہونا
شروع ہو گیا۔ ٹورنامنٹ سے ایک دن قبل لان میں مختلف الاشکال
چارپائیوں کے انبار لگ گئے —— دیہات سے آنے والی ان چارپائیوں
کو "امریکی ایڈ" کی طرح گرمجوشی سے وصول کیا گیا۔ یوں تو دیہات کی ہر
چیز انوکھی ہوتی ہے مگر یقین جانیئے دیہات کی چارپائیاں بھی عجیب شے
ہوتی ہیں —— پہلی قسم کی اکثر چارپائیاں مضبوط تھیں لیکن دوسری قسم
کی چارپائیاں کچھ زیادہ ہی "نحیف و نزار" تھیں! کچھ نوادر واقعی قابلِ دید
تھے۔ مثلاً کئی چارپائیاں ایسی بھی تھیں جو خالی ہونے کی صورت میں "مستطیل"
لگتی تھیں لیکن اگر ان پر کوئی قسمت کا مارا بیٹھ جاتا تو پھر یہ چارپائیاں
"متوازی الاضلاع" بن جاتی تھیں! کئی چارپائیاں سرے سے ہی "موج"
کی طرح ہو کر رہتی تھیں۔ کئی ایسی بھی تھیں کہ اٹھاتے وقت موسیقی کی سُریلی دُھنیں
الاپنا شروع کر دیتی تھیں! یہ چارپائیاں دو یوم تک لان میں سیلاب زدگان
کے اثاثے کی طرح لاوارث پڑی رہیں۔ بعد ازاں "حسبِ منشا" چارپائیوں
کو کمروں میں بچھایا گیا۔ موسیقی نواز اور جیومیٹری کے مسائل سے شغف رکھنے
والی چارپائیاں —— سیلانی کی درخواست پر علیحدہ کر لی گئیں۔ اوّل الذکر
نوادر تو کسی عالمی نمائش میں بھیجے جائیں گے البتہ مؤخر الذکر چارپائیاں
اگر شعبہ "ریاضی" کو مرحمت فرمائی جائیں تو ہمیں نوازش ہوگی کیونکہ ریاضی والوں
کا اس میں ہر لحاظ سے بھلا ہے!!

وقتِ مقررہ سے قبل پاکستان کی معروف ٹیمیں ربوہ پہنچ گئیں۔ کئی
بین الاقوامی شہرت کے کھلاڑی بھی آئے۔ ٹورنامنٹ سے قبل ربوہ میں حسبِ معمول
مطلع صاف تھا۔ ویسے اگر اس خشک علاقے میں مطلع ایک معقول مدت تک صاف
رہا ہے تو پھر دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہاں کی فضا بھی
صاف نہیں —— چنانچہ ان ایام میں بھی گرد کی جھڑی ایک موٹی تہہ شکلوں
سے لپٹی ہوئی تھی! اور عوام الناس کے تپق ہو جانے کے امکانات روشن
ہو گئے تھے —— اس موسم اور اس ماحول میں ٹورنامنٹ قریب آ گیا۔
سیلانی کو یہ تو معلوم ہی تھا کہ احباب نمازِ "استسقاء" کے لئے پر تول رہے
ہیں —— لیکن یہ خبر نہیں تھی کہ نمازِ استسقاء کا "جواب" افتتاح کے روز ہی
ملے گا! حسنِ اتفاق دیکھئے افتتاح کے روز ہی فجر کی اذان کے ساتھ ہی
موسلادھار بارش شروع ہو گئی۔ قدرت نے جھنڈیوں، دریوں، قناتوں،
خیموں، کرسیوں، میزوں، شامیانوں، غرض ہر چیز کو "غسل" دیکر پاک صاف و پوتر
بنا دیا! پہلے کچھ دیر تک انتظار ہوتا رہا کہ اب بارش تھمتی ہے اب مطلع
صاف ہوتا ہے۔ اب رستے خشک ہوتے ہیں۔ اب لوگ آتے ہیں......
مگر جب ساری نظریں جھک گئیں اور امید کی ٹمٹماتی کرن بھی ترچھی ہونے
لگی —— تب ان نامساعد حالات میں افتتاح کی رسم ادا کر دی گئی ——
پہلے ہی کافی سادگی ہوتی ہے اس دن تو حد ہی ہو گئی —— نہ سلام نہ دعا
نہ مہمان نہ معمول —— بس ایک سیٹی بجی اور افتتاح —— ہو گیا!! افتتاح
کے ساتھ ہی سردی کی یورش بڑھ گئی۔ ہوائیں اور زیادہ خنک ہو گئیں۔
بارش میں تیزی آ گئی —— مگر اب تیر کمان سے چھوٹ چکا تھا —— جب
تیر کھلاڑیوں سے باہر آ چکے تھے —— چنانچہ پروگرام کے مطابق مقابلے
شروع ہو گئے۔ تماشائی کھیل سے دلچسپی رکھنے کے جرم میں بھیگتے رہے!
اپنے منتظمی صاحب کی رفاقت کی وجہ سے سرِسام کی نوبت تو نہ آئی البتہ
کچھ غنودگی اور بے حسی ضرور طاری ہو گئی —— ان ایام میں "کتابی کیڑوں"
کے افراد کے لئے گھنٹیاں نہایت باقاعدگی سے بجوائی گئیں۔ یہ کتابی کیڑے کتابوں
کو چاٹتے چاٹتے اللہ کو آئی مگر خوراک اور سامانِ رسد "یعنی کتابیں" دبا کر
بغل میں —— ساتھ ہی رکھیں!! پہلے دن کھیل سے قبل بہادرے ہی [illegible]
کھیل پہل رہی [illegible] صاحب [illegible] کو "نمبر وار" لگ گیا تھا —— دوسرے
دن ہی اللہ میاں کے فضل سے مطلع صاف ہو گیا۔ راستے خشک ہو گئے
سردی کم ہو گئی۔ مقابلوں کی شہرت سن کر باہر سے بھی مہمان آئے ہوئے تھے
مقامی تماشائیوں کا بھی ہجوم ہو گیا۔ یوں سمجھئے کہ کھیل اپنے جوبن پر آ گیا۔

کھلاڑیوں نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا۔ ایسے ماحول میں طنز و مزاح کا دور بھی چل پڑتا ہے ـــــ لیکن اس مرتبہ کچھ زیادہ ہی "زندہ دلی" کا مظاہرہ ہوا ہے! تیسرے دن دوپہر کو فائینل ہوئے۔ سکول سیکشن میں مشن سکول راولپنڈی نے میدان مارا۔ پھر کالج گروپ میں ایف سی کالج لاہور کے ساتھ اپنے کالج کی ٹیم کا مقابلہ ہوا ـــــ اپنے کالج کو داد نہ دینا بہت بڑی ناانصافی ہوگی! ہار جیت تو الگ چیز ہے۔ اس کے بعد کلب کی باری آئی۔ برادرز اس سال پولیس کو پیچھے چھوڑ گئے۔ کلب کے مقابلے سے قبل مارچ پاسٹ اور بعد میں تقسیم انعامات کا جلسہ ہوا۔ محترم چوہدری سر محمد ظفر اللہ خان صاحب نائب صدر عالمی عدالت نے انعامات اور سندات تقسیم فرمائیں۔ اگر کیمرے حرکت کرتے رہیں تو کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی ہوتی رہتی ہے! ایسے عالم میں تماشائی بھی اس "عزت افزائی" کی زد میں آنے کے لئے بے چین ہو جاتے ہیں! قارئین کو علم ہوگا کہ کالج ایسی تقریبات کی فلم تیار کرتا ہے۔ چنانچہ اس کا معقول انتظام تھا۔ مرزا مجیب احمد اور محمود احمد خان "کیمرہ مین" تھے۔ کیمرے تو بڑی فراخدلی سے "فوکس" ہوتے رہے ہیں ـــــ آگے کچھ خبر نہیں!!

اس ٹورنامنٹ کو اس مرتبہ اتنی اہمیت حاصل ہو گئی تھی کہ "پنجاب چیمپین" کے انتخاب کے لئے سلیکشن کمیٹی کے معزز اراکین بھی ربوہ آئے۔ باسکٹ بال کو یہاں قائم ہوئے ابھی چند سال ہی ہوئے ہیں۔ اس قلیل مدت میں نمایاں ترقی کی گئی ہے۔ جس کے لئے محترم پرنسپل صاحب اور محترم خان صاحب مبارکباد کے مستحق ہیں ـــــ!

سالانہ مباحثے

ربوہ میں سب سے زیادہ ہنگامہ خیز اور محشر آفرین تقریب ـــــ "سالانہ مباحثوں" کو سمجھا جاتا ہے ـــــ اس سال بھی یہ مباحثے اپنی روایتی شان و شوکت کے ساتھ منعقد ہوئے مگر ـــــ! مغربی پاکستان کی متعدد معروف یونیورسٹیوں اور مشہور کالجوں نے شرکت کی۔ مباحثوں سے چند روز قبل ہی کالج میں "ہفتہ صفائی" شروع ہو گیا ـــــ رنگ و روغن کا سلسلہ چل نکلا۔ پھول بوٹے سجائے جانے لگے ـــــ ہال میں لگی ہوئی تصاویر سے گرد اڑائی گئی ـــــ دیواریں چمکائی گئیں۔ فرش صاف ہوا "عرش" بیچارے گملے ہی بھی انسانی قدموں کی جانب مسکراتی دینے لگے۔ کرسیوں

کی نقل و حرکت جاری رہی "بیانات" اور "دعوت نامے" چھپوا لئے گئے۔ پرنٹنگ پریس کے ایک ذمہ دار کارکن نے سیلانی کو بتایا کہ چار مرتبہ ان دعوت ناموں میں ترمیم ہوئی ہے ـــــ آخری مرتبہ محض اس لئے ترمیم ہوئی کہ ایک عہدیدار کے نام کے ساتھ لفظ "چوہدری" ذرا واضح اور شوخ نہیں تھا! سبحان اللہ کیا انکساری کی ایسی مثال آپ کو اس دنیا میں کہیں مل سکتی ہے؟ بہر حال آخری دن پروگرام ـــــ اعلان ـــــ کارڈ ـــــ اور دعوت نامے سب کچھ چھپ کر آ گیا! "سٹیوڈنٹوں" کی فوج ظفر موج کی "خاص" بھرتی ہوئی ـــــ سٹیوڈنٹ منتخب کرنے کا معیار یہ ہے کہ وہ "سنگدلی" میں "کالج گیر" شہرت کے حامل ہوں ـــــ تاکہ ان کے تلخ سلوک کی یاد سے ایک عرصہ تک سامعین کو صمیم قلب سے بد دعا دینے کی تحریک ہوتی رہے!! اگر جان کی امان دی جائے تو سیلانی کا ذاتی "خوف" یہ ہے کہ سٹیوڈنٹ ایسی چیز ہیں کہ ان کا ذکر کرنے یا سننے کا ارادہ کرنے سے ہی وضو کیا ہوا بھی ٹوٹ جاتا ہے!! لیکن اب مجبوری ہے سُن ہی لیجئے! یہ تو آپ جانتے ہی ہیں کہ ایک عام سٹیوڈنٹ کی آمرانہ شہنشاہیت سات آٹھ گھنٹے کے بعد دم توڑ دیتی ہے ـــــ لیکن اتنی قلیل وقت میں ان کے قالب میں ضحاک اور سفاح کی روح کارفرما ہو جاتی ہے! دوسرے کالجوں میں بھی سٹیوڈنٹ مقرر ہوتے ہیں مگر مجال ہے کہ ناجائز دباؤ ڈالنے کی جرات کریں ـــــ اس کے برعکس یہاں تو ایسی دھونس جماتے ہیں کہ الامان و الحفیظ ـــــ تقریباً تمام سٹیوڈنٹ کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ سامعین میں سے ہر ایک کی زبان گدی سے کھینچ کر جدا کر جائیں!! لیکن سارے سٹیوڈنٹ ایک جیسے نہیں ہوتے۔ سیلانی حضرت خادم کی شرافت سے بہت متاثر ہوا ـــــ خادم صاحب صحیح معنوں میں مخدوم ثابت ہوئے۔ بارہا کوئی شرارت سوجھتی لیکن موصوف کی شرافت کی وجہ سے کچھ انتظار کرنا پڑتا! جب باسط صاحب "ڈیوٹی" پر جاتے تو پھر احباب "باجماعت" شرارت کرتے! ـــــ اللہ تعالیٰ ان حضرت کو جزائے خیر دے جنہوں نے سیلانی کے دو تین دوستوں کو جدا کر کے "فتنے" کا کسی حد تک سدِباب کیا! باسط صاحب کے علاوہ قمر صاحب بھی "ہمدرد خلائق" ہی نکلے۔ دو "معصوم فرشتوں" کے علاوہ سیلانی "طیراً ابابیل" کی طرح آنے والے باقی تمام سٹیوڈنٹ پر تاب

لاحول بھیج دیا ہے ——— اور انشاء اللہ نہایت پابندی کے ساتھ اپنی پنجگانہ "بددعاؤں" میں انہیں ہر حال میں تا "پی ۔ایس سی" یاد رکھیگا ——— !!

اب ذرا عہدیدار حضرات سے ملئے ——— ان مخصوص ایام میں یہ بزرگ بھی فرش سے عرش پر جا پہنچتے ہیں ۔ سیلانی کو اللہ کے فضل سے "پاسپورٹ" یا "ویزے" کی ضرورت کبھی نہیں پڑتی ۔ اکثر دوست قانون کے پابند ہیں باقی معروف "سمگلر" ہیں !! گیٹ یا دیوار سے اندر آنا ان کے دائیں ہاتھ کا کھیل ہے ! لیکن باقی احباب نے سیلانی سے عہدیداروں کی بے التفاتی کا شکوہ کیا ہے ۔ دوستوں کو ان احباب سے یہ توقع رکھنی چاہیئے ۔ ووٹ کے لئے کی جانے والی خوشامد کا انتقام وہ اگر ان ایام میں نہ لیں تو کب لیں ؟ ؎

اس قدر اجنبی تو نہ بن اے دوست
رسم دنیا کا بھی خیال نہیں !

پہلے روز انگریزی مباحثہ ہوا ۔ مقررین نے دھواں دھار تقریریں کیں ۔ مگر اس کثیف دھوئیں میں سامعین کا دم گھٹنے لگا ۔ عام تبصرہ یہی تھا ——— "بڑی بور بحث ہوئی ہے" ! صد شکر کہ شعر و سخن کا دور چلا ۔ خشک و تر تقریروں کو سن کر جو اذیت ہوئی تھی وہ دور ہوگئی ———

دوسرے دن اردو مباحثہ ہوا ۔ "انسان کا مستقبل روشن ہے" کی قرارداد پر بحث ہوئی ۔ تقریباً دو درجن مقررین نے حصہ لیا ۔ طنز و مزاح کا سلسلہ جاری رہا ۔ جس نے آخر میں زیادہ "سنگین" صورت اختیار کر لی ! اس شعبہ سامعین بیزاری کی بجائے دلچسپی لیتے رہے !

جہاں سالانہ مباحثوں کی مجموعی حیثیت کا تعلق ہے اگر معیار کی پستی کو نظر انداز کر دیا جائے تو انہیں بھی "کامیاب" قرار دیا جا سکتا ہے !!

یہ خوابیدہ یونین

اس تعلق میں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ذرا یونین کا بھی غیر جانبدارانہ تجزیہ کیا جائے ——— لیکن سیلانی کو ڈر ہے کہ کہیں حقائق کی تلخی شدت سے محسوس نہ کی جائے ۔ تاہم ؎

خوگر حمد سے تھوڑا سا گلہ بھی سن لے !

یونین کے لچھن ابتدا سے ہی کچھ پسندیدہ نہ تھے ۔ گزشتہ سے پیوستہ شماروں میں سیلانی یونین کے "تاریک مستقبل" کے متعلق پیشنگوئی کر چکا ہے بدقسمتی سے جو ناخوشگوار توقعات یونین سے وابستہ کی گئی تھیں ——— وہ ایک ایک کرکے نہایت صفائی سے پوری ہو چکی ہیں ! آخر سال کے دوران میں یونین نے کیا نمایاں کارنامے سر انجام دیئے ہیں ——— کہ آج اس کا نام عزت کے ساتھ لیا جائے ؟ سالانہ مباحثوں کا بیڑا اگر وقتی طور پر علیحدہ کر دیا جائے ——— تو یونین کا کھیسہ خالی ہی نظر آتا ہے ——— سیلانی کی تحقیق کے مطابق یونین کی عظمت و وحدت کا پرچم نفاق اور خانہ جنگی کے ہاتھوں سرنگوں ہوا ہے !!

سالانہ مباحثوں کے علاوہ ——— ایک دو اور مباحثے بھی ہوئے ہیں جن کا معیار بدقسمتی سے نہایت پست تھا ۔ حاضری برائے نام تھی ، انتظام مفلوج تھا ۔ پھر ایک دو لیکچر بھی ہوئے جو غالباً "کسی حادثے" کا نتیجہ تھے !! مثلاً قاہرہ کے اخبار "الجمہوریہ" کے چیف ایڈیٹر جناب السید محمد محمود صاحب اپنے پروگرام کے مطابق پنڈی آئے ۔ آپ جب کالج دیکھنے آئے تو تقریر بھی کروا لی گئی ——— اپنی کوشش سے تو شاید ایک آدھ مہمان باہر سے بلوایا گیا ہے !

مباحثوں کے لئے مقررین کی "ٹیمیں" باہر بھجوانا بھی یونین کا کام ہے ۔ اس سلسلے میں بھی کافی تاخیر اور تساہل سے کام لیا جاتا رہا ہے ۔ لیکن اس معاملے میں یونین بے قصور ہے ۔ "یونین معصوم ہے ، یونین مظلوم ہے ، یونین مفلوج ہے" ! مقرر کہاں سے لائے ؟ آخر یونین آفس میں کوئی مشین تو ہے نہیں کہ سکوں کی طرح ڈھلے ڈھلائے مقرر تیار ہو سکیں ! لیکن سوال پیدا ہوتا ہے کہ مقرر تیار کرنا کس کا کام ہے ؟ کیا مقرر فزکس یا کیمسٹری کی لیبارٹری میں تیار کئے جا سکتے ہیں ؟ کیا انہیں فٹبال کی گراؤنڈ میں کاشت کیا جا سکتا ہے ؟ یا کیا انہیں پولیٹیکس کی شاخوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے ؟ مقرر یونین نے پیدا کرنے ہیں ! یونین ہی پیدا کرتی رہی ہے اور یونین کو ہی پیدا کرنا پڑیں گے ——— !

سیلانی تسلیم کرتا ہے کہ مقررین کی "ٹیمیں" باہر بھجوائی گئیں ——— مگر کیا صرف گنتی کے تین چار مقرر ہی "تجلی" نہیں ہوتے رہے ؟ وہی پرانے گھاگ مقرر ——— جو تین چار سال سے کالج کی نمائندگی کرتے کرتے "بوڑھے" ہو چکے ہیں ! آہ ؎

کچھ ہوسکے تو یہی رندانِ قدح خوار کو دے

کیا یونین کا کوئی نمائندہ طلبہ کو بتا سکتا ہے کہ کس نئے کالیا؟ مقرر میں اسٹیج پر آنے کی جرأت پیدا کی گئی ہے؟ یہ گنتی کے چار مقرر آخر کب تک کالج کا نام روشن کرتے رہیں گے؟ سوائے اس کے کہ وہ خدانخواستہ فیل ہوتے رہیں — اگر یہ مقرر اس سال پاس ہو گئے — تو ان کی جگہ لینے کے لئے مقرر کہاں سے لائے جائیں گے؟ اگر کامیاب مقرر پیدا نہ ہو سکے تو کالج کی درخشندہ روایات کیسے برقرار رہ سکیں گی؟ سیلانی چار سال سے اسی کالج سے وابستہ ہے لیکن ایسی شکستگی اور ناامیدی یونین پر کبھی نہیں گزری — گزشتہ چند سالوں سے ہماری یونین کی سرگرمیاں تعداد اور معیار کی بلندی کے لحاظ سے دوسرے تمام کالجوں کو مات کرتی رہی ہیں — اور محترم خان صاحب اس کا کئی مرتبہ اظہار فرما چکے ہیں۔ مگر اس مرتبہ خدا جانے اس یونین کو کیوں سانپ سونگھ گیا؟

کام کرنے کا وقت اب جا چکا ہے۔ سارا سال تو خوابِ خرگوش میں محو رہنے کا دھبہ یونین کے پاک اور سفید دامن پر لگ چکا ہے۔ صرف ایک ہی صورت ہے کہ اگلے سال اچھے نمائندے منتخب کئے جائیں جن کا پہلا اور آخری مقصد — "صدارت" — "ڈنر" — اور "تصویر" نہ ہو!

اب غالباً "آخری تصویر" کا مرحلہ باقی ہے۔ خدا کرے یہ زلفِ عنبر فشاں بھی کامرانی کے ساتھ سر ہو جائے! — اس کے بعد یہ تصویر حسبِ معمول یونین آفس میں آویزاں کر دی جائے گی۔ لیکن بقول غالب ؎

کمالِ حسن اگر موقوفِ اندازِ تغافل ہو
تکلف برطرف تجھ سے تری تصویر بہتر ہے

کاش ان عہدیداروں کی تصویر — جن کے "عہدِ سعادت مہد" میں یونین کی کارکردگی کا بیڑہ غرق ہوا ہے — درخشندہ روایات کا بڑی دھوم سے جنازہ اٹھا ہے — اور کارکردگی و عمل کے لحاظ سے قدم تنزل کے تاریک گڑھے کی طرف بڑھا ہے — اُن کی "تصویرِ عبرت" کے لئے اگلے سال الیکشن سے پہلے نوٹس بورڈ پر لگائی جائے — تاکہ طلبہ "سبق" کا درس لے سکیں!!

باتیں شاید ذرا تلخ ہیں — مگر یہ دہی کھٹا تھا سیلانی۔ ضمیر کے ہاتھوں مجبور تھا کہ آخری بار بھی اسے کھٹا ہی کہتا!! ؎

کہتا ہوں وہی بات سمجھتا ہوں جسے حق
نے آبلۂ مسجد ہوں نہ تہذیب کا فرزند

"پیرِ صحافت" کی آمد

اپنا کالج اگرچہ شیر شاہ سوری کی تعمیر کردہ سرائے نہیں۔ لیکن پھر بھی مہمانوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ اس میں کچھ مہمان نوازی کا اثر ہے اور کچھ دخل اس نسبت کا بھی ہے جو ربوہ کو دیارِ حبیب سے ہے!! کچھ مہمان اپنے اشتیاق کی تسکین کے لئے آتے ہیں اور رہی سہی کسر ہم کالج پوری کر لی جاتی ہے۔ یہ سلسلہ درمیانی عرصے میں پوری تیزی سے جاری رہا۔ آنے والے معززین میں سے ایک مہمان ایسے تھے جن سے ملنے کی خواہش مدتوں کا دم اختیار کر چکی تھی!! خدا کا یہ شکر ہے کہ سیلانی کی یہ دیرینہ آرزو پوری ہوئی — یعنی — سردار دیوان سنگھ صاحب مفتون کی نیاز حاصل ہوا۔ سردار صاحب محتاجِ تعارف نہیں "ناقابلِ فراموش" نے انہیں ناقابلِ فراموش بنا دیا ہے "ریاست" مرحوم انہیں بقائے دوام بخش گیا ہے — "ناقابلِ فراموش" پڑھ کر یہ خواہش دل میں چٹکیاں لینے لگی کہ ایسے بے باک اور صاف گو صحافی سے ضرور ملنا چاہیئے۔ سیلانی اور رحمی صاحب پاسپورٹ یا ویزے کے چکر میں تھے کہ سردار صاحب خود ہی یہاں آ گئے! جب ان کے آنے کی خبر گرم ہوئی تو ادارہ میں جگہ جگہ طلبہ کی ٹولیاں جم گئیں اور سردار صاحب کی جرأت مندانہ پر تبصرے ہونے لگے! آنِ واحد میں طلبہ میں یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ اور سرِ شام اسٹیشن پر عقیدتمند طلبہ کا ہجوم ہو گیا سردار صاحب اتر کر گیسٹ ہاؤس چلے گئے۔ اس طائرانہ درشن سے سیلانی کو سکونِ قلب نصیب نہ ہوا۔ چنانچہ جناب ابوبکر رحمی صاحب اور سیلانی پر مشتمل قافلے نے گیسٹ ہاؤس کا رخ کیا۔ وہاں سردار صاحب بڑے تپاک

ایڈیٹر کے نام خطوط

قارئین

اظہارِ خیال

(مکتوب نگار حضرات سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔ ادارہ)

مکرمی!

"المنار" کا شمارہ کافی انتظار کے بعد ملا۔ اس تاخیر کا باعث "انگریزی سیکشن" کے سوا اور کون ہو سکتا ہے! وقت کی پابندی نہ کرنا چونکہ ہمارے مشرقی مزاج کا خاصہ ہے اس لئے مجھے اس تاخیر پر احتجاج کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں!!

مضامین و منظومات معقول تھے۔ "چناں دیاں چھلاں" کو اسی آب و تاب سے جاری و ساری رکھنے کے لئے آپ کو کافی محنت کرنا پڑے گی۔ جہاں تک طنز و مزاح کا تعلق ہے۔ غالباً آپ ہی "سیلانی" کے روپ میں جلوہ گر ہو کر بہت کچھ لکھ ڈالتے ہیں۔ کیا آپ کے انقطاع کے بعد بھی یہ کالم جاری رہے گا؟ میرا خیال ہے اسے ضرور جاری رہنا چاہیئے کیونکہ اساتذہ و طلبہ کی اصلاح کا یہی واحد ذریعہ ہے۔!

"پسندیدہ اشعار" پڑھ کر سخت کوفت ہوئی معلوم ہوتا ہے کوئی اشد مجبوری تھی جس نے آپ کو نصف کالم ابھارنے پر مجبور کر دیا۔ میں آپ کی توجہ آپ کے اس قول کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں — کہ "پسندیدہ اشعار کا کالم غیر شادی شدہ مستورات کا بہترین اثاثہ ہے" — اگر پسندیدہ اشعار شائع کروانا واقعی ایک "نسوانی کمزوری" ہے تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ آپ کیوں اس "کمزوری" کی سرپرستی فرما رہے ہیں؟ آپ کے پاس جو پسندیدہ اشعار آئیں انہیں المنار میں چھاپنے کی بجائے — "عفت"، "زیب النساء" — "خاتون" — اور "ہمدرد نسواں" وغیرہ کو بھیج دیا کریں۔ کیونکہ وہی ان کا صحیح مقام ہے!! ویسے طلبہ کے رسالے کی حیثیت سے — المنار ان چند بہترین رسالوں میں سے ہے جنہیں میں عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔"

امان اللہ اعوان

(آپ کی ہدایت کے مطابق اس مرتبہ پسندیدہ اشعار کو "منزلِ مقصود" پہ پہنچانے کی نیت تھی لیکن شومیٔ قسمت کوئی "کھیپ" موصول نہیں ہوئی —— ادارہ)

مکرمی!

"المنار" کا تازہ شمارہ میرے سامنے ہے۔ اس کے مضامین معیاری ہیں۔ سوائے ایک آدھ مضمون کے جس پہ "سرقہ" کا شبہ ہوتا ہے —! "نقد و نظر" کا جواب نہیں۔ پڑھ کر دیر تک لطف اندوز ہوتا رہا۔ میرے خیال میں اگر ایک ورق "سوال و جواب" کے لئے مخصوص کر دیا جائے تو المنار کی رونق یقیناً بڑھ جائے گی۔

شاعر حضرات کی صف میں چند "نئے چہرے" دیکھ کر خوشی ہوئی — مگر تھوڑا سا افسوس بھی — کہ ان کی شاعری کی اٹھان اسی فرسودہ ذہنیت کی غماز ہے جو اب تک قوم کی قوتِ عمل کو مشتعل

محبت کے صحراؤں میں بھٹکانے کا موجب رہی ہے۔ کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ ہمارے نئے شاعر وقت کی ضرورت کا احساس کرتے ہوئے اپنی فکری و ذہنی صلاحیتوں کو قومی، ملکی اور جماعتی تقاضوں کے ہم آہنگ کر دیں۔؟

بحیثیت مجموعی لحاظ سے المنار کا یہ شمارہ پہلے شماروں کی نسبت زیادہ معیاری اور زیادہ پسندیدہ ہے۔

منور احمد

(جہاں تک ایک آدھ مضمون کے "مالِ مسروقہ" ہونے کا تعلق ہے جب تک واضح اور یقینی ثبوت نہ ہو یہ شبہ "بدظنی" کی حدود کے قریب قریب ہی ہے۔ آپ یا تو کوئی واضح اور یقینی ثبوت فراہم کریں یا پھر "استغفار کریں"! البتہ ادارہ کو توقع نہیں کہ اس کی اس حسن ظنی سے احباب "فائدہ" اٹھائیں گے۔ ادارہ)

محترمی!

ایک صبر آزما انتظار کے بعد "المنار" ملا۔ پڑھ کر طبیعت باغ باغ ہو گئی۔ ایک دفعہ پڑھنے کے بعد بھی ہاتھ سے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ہمارے المنار میں سے حضرت سیلانی کا "نقد و نظر" میری نظر میں بہت بلند اور عروج پر تھا۔ حضرت سیلانی موصوف کی گزشتہ تحریر بھی میری نظر سے گزری ہیں مگر جو لطف اور چاشنی گزشتہ رسالہ میں تھی اس کو الفاظ میں بیان کرنے سے قاصر ہوں۔

حضرت زرتشت کا مضمون "ان سے ملئے" بہتوں کی "اصلاح" کا موجب ہوا۔ جزاک اللہ خیراً۔

"افکارِ عالیہ" کے تحت محترمی چوہدری محمد علی صاحب کی غزل بہت پسند آئی۔ بالخصوص ذیل کا شعر اپنی مثال آپ ہے ؎

ایک تجھ سے وفا کی تھی امید
تو بھی لوگوں کا ہم خیال ہوا!

"جھٹاں دیاں جھلاں" ——— المنار میں ایک نئے باب کا اضافہ ہے۔ سی۔ ایل۔ ایم ہے کا مضمون ٹھوس اور خاص اہمیت کا حامل ہے۔ چونکہ "عبد العلی" اب چند روز کے مہمان ہیں اسلئے میں ان کو مبارکباد دیتا ہوں کہ ان کا "عہد" نہایت شاندار اور درخشندہ ہے۔

(فقط "جزاک اللہ" ——— ادارہ)

سر!

المنار کا گزشتہ شمارہ پڑھا۔ میں معنوی خصوصیات پر تبصرہ نہیں کروں گا کیونکہ اور بہت سے نقاد اس کام کے لئے پہلے ہی معقول تعداد میں صفحۂ ہستی پر موجود ہیں۔ میں آپ کی توجہ صوری حسن کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ نے محنت کر کے المنار کے ظاہری حسن میں اضافہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور اس میں بڑی حد تک کامیاب بھی ہوئے ہیں۔ گزشتہ شمارے پر کافی قیمتی "گلیزڈ پیپر" لگوایا گیا تھا۔ بے شک اس سے اس کا حسن تو دوبالا ہوا لیکن صحیح لحاظ سے "لیتھو" کے کام میں اس قسم کے خوبصورت اور بہت زیادہ ملائم کاغذ پر سیاہی کا اثر کم ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کہیں کہیں کتابت کا وہ معیار قائم نہیں رہ سکا۔ یہ زیادہ مناسب ہے کہ یہ قیمتی "گلیزڈ پیپر" نہ لگوایا جائے۔

نصیر احمد

(آپ کی گرانقدر رائے مشعلِ راہ کا کام دے گی!
——— شکریہ ——— ادارہ)

پیر صحافت کی آمد

(بقیہ صفحہ ۱۲)

سے ملے۔ بڑی محبت اور شفقت سے پیش آئے خوب جی کھول کر باتیں ہوئیں "ریاست" اور "ناقابلِ فراموش" پر تبصرہ ہوا۔ آتی دفعہ انہیں کالج تشریف لانے کی دعوت دی گئی آپ نے وعدہ کیا اور پھر وقت مقررہ پر آئے۔ وہاں کیمسٹری تھیٹر میں "سوال و جواب" کی ایک دلچسپ محفل کا اہتمام ہوا۔ طنز و مزاح کا دور چلا۔ طلبہ سردار صاحب کی حاضر جوابی اور صاف گوئی سے بہت متاثر ہوئے۔ سردار صاحب کی طبیعت بھی مسرور ہوئی۔ اور سیلانی دیوانہ وار خوش تھا کہ آج اس کی ایک ایسی خواہش پوری ہوئی۔ جس کے پورا ہونے کی اسے توقع نہیں تھی!!

افکارِ عالیہ

پروفیسر چوہدری محمد علی
ایم۔ اے

چاند نگر کے چشمے خون اُگلتے ہیں
دریا سُوکھ گئے ہیں ساحل جلتے ہیں

جاگنے والے اشکوں کی آواز نہ سُن
آنکھ کے سورج ڈھلتے ڈھلتے ڈھلتے ہیں

یاروں نے تو کب کا ملنا چھوڑ دیا
دشمن ہفتے عشرے آن نکلتے ہیں

جانے رہنے کو شہر بھی ہیں ویرانے بھی
اُنکی گلی میں جاؤ تو ہم بھی چلتے ہیں

دل کے ہاتھوں کس نے سُکھ کا سانس لیا
دوست پریشاں حال ہیں دشمن جلتے ہیں

ہم سیلانی تم مالک ہو شہروں کے
عیش کرو۔ آرام کرو۔ ہم چلتے ہیں

اپنے بیگانے حیران ہیں مدت سے
حضرت مضطر گرتے ہیں نہ سنبھلتے ہیں

پروفیسر خان نصیر احمد خان
ایم۔ ایس سی۔

عشق و اخلاص کے مل جائیں گے پیمانے چند
اے خوشا وقت کہ پھر جمع ہیں دیوانے چند

ڈھونڈ مت وقت کے پیکر میں تسلسل کا وجود
عمرِ انساں ہے جو سچ پوچھو تو ہنگامے چند

لوٹ لی یارِ یگانہ سے بتو تم کو سلام
کعبہ آباد ہوا توڑ کے بت خانے چند

آخرِ کار جلے راکھ ہوئے خاک ہوئے
شمعِ اُمید کے باقی تھے جو پروانے چند

وہ حسیں ہوگا مگر ایسا بھی کیا ہوگا نصیر
گھر لٹے چاہنے والوں نے ہیں افسانے چند

پروفیسر چوہدری محمد شریف خالد
ایم۔اے۔ایل۔ایل۔بی

○

مری رندانہ جرأت ہے سزاوارِ خطا پوشی
وفورِ شوق میں آدابِ محفل بھول جاتا ہوں

نہیں پابندِ راہ و رسمِ منزل جستجو میری
نکل جاتا ہوں آگے اور منزل بھول جاتا ہوں

ڈراتی تھی مجھے موجوں سے ساحل کی سبک ساری
تلاطم آشنا ہو کر میں ساحل بھول جاتا ہوں

کسی کے جور کو اپنے کرم کو بھول جاتا ہوں
کسی کی یاد میں خود کو میں کامل بھول جاتا ہوں

میں اکثر سوچتا ہوں یہ کہوں گا اور یوں اُن سے
مگر جب پاس ہوتے ہیں دلائل بھول جاتا ہوں

حوادث نے بنایا ہے مزاج ایسا کہ اب خالد
جفاؤں میں وفائیں بھی ہیں شامل بھول جاتا ہوں

سوزِ دروں

(غزلیں)

خلیل رامپوری

(۱)

دیکھ یہ شستۂ بہارِ نَو
ہر نفس موجۂ صبا کی رَو
دے رہی ہے دُھواں چراغ کی لَو
منزلِ شب کے تھک چکے رہرو
چاندنی رات ہو کہ صبحِ نَو
اپنی تقدیر میں کہاں ہے ضَو
باغ بیت گھر سے ہو گئے خالی
سایۂ تاک ہے نہ سبزۂ نَو
جس کے دم سے ہے رنگ و بُو کا وقار
ہائے اس کے جمال کا پرتَو
دل کہ اک جادۂ اماں تھا کبھی
اب کہاں وحشتیں ہیں کی رہرو
پاسبانِ حرم کی نیت دیکھ
ہیں لگائے قبائے گُل سے لَو
جام خالی ہیں مسند پہ نشاں
ہائے یہ شانِ محفلِ خسرو

(۲)

وقت گُم سُم ہے سوچتا ہے کیا
کوئی طوفان ٹل گیا ہے کیا
آدمی کون ہے خدا ہے کیا
خود کو پہچان، سوچتا ہے کیا
گرد بیٹھی ہوئی ہے راہوں سے
قافلہ ساتھ لے گیا ہے کیا
بیٹھے جاتے ہیں کیوں در و دیوار
گھر میں سیلاب آ گیا ہے کیا
گُل کھلاؤ ہنر کے صحرا میں
ورنہ اس فن کا مدعا ہے کیا
تُو نہیں ہے تو دم نکلتا ہے
سوچتا ہوں کہ تو "ہوا" ہے کیا
وہ دبی آگ پھر بھڑک اُٹھی!
یاد بھی موجۂ صبا ہے کیا
تیرے گھر کا دیا رہے روشن
اور درویش کی صدا ہے کیا
آسماں سے ذرا اُتر کے دیکھ
تیری دُنیا میں ہو رہا ہے کیا

لطف الرحمن محمود
[illegible]

کسی کے گیسوؤں سے جب لگن محسوس ہوتی ہے!
کہ اپنے دل کے ٹکڑوں میں جلن محسوس ہوتی ہے!

جونہی آہوں کو ملتا ہے سکوں زلفوں کے سائے میں
یہی آلام کی دنیا - وطن محسوس ہوتی ہے!

خیالوں کے بگولے ناچتے پھرتے ہیں سینے میں
درونِ خانۂ دل انجمن محسوس ہوتی ہے!

نہ تو یہ غرق ہو جائے کہیں جامِ سفالیں میں
ادا ساقی کی کچھ توبہ شکن محسوس ہوتی ہے!

یہ اپنا ناتواں دل گرتے پڑتے جا پہنچتا ہے
جہاں بھی شورشِ دار و رسن محسوس ہوتی ہے!

محبت خار ہے ایسا کہ جب پیوست ہوتا ہے
تو پھر دل میں بھی میٹھی سی چبھن محسوس ہوتی ہے!

نہ ہو جائے کہیں برہم مزاجِ ہستئ موہوم
مجھے تیری جبیں پر اک شکن محسوس ہوتی ہے!

تجھے یہ کون بتلائے کہ تیری رہگذر مجھ کو
ردائے لالہ و سرو و سمن محسوس ہوتی ہے!

نگاہِ عشق کی درماندگی کو کوسنے والو!
جبینِ حسن پر بھی تو تھکن محسوس ہوتی ہے!

تسلسل اس قدر ہے دوستو کہ بے وفائی بھی
مجھے احباب کی رسمِ کہن محسوس ہوتی ہے!

خیالِ زلفِ جاناں سے الجھ کر زندگی میری
بہارِ جاوداں کا پیرہن محسوس ہوتی ہے!

پریشانی سے گھبرا کر غزل کہنے کو نکلے تھے
مگر محمود یہ رہ بھی کٹھن محسوس ہوتی ہے!

محمد اقبال اختر
سیکنڈ ایئر (آرٹس)

○

گلستاں کے دوش پہ رقصاں ہے پھر بادِ نسیم
بلبلِ رنگیں نوا! عہدِ بہار آ ہی گیا

رنگ لائی ہے تمنا آج تو بہ صدِ نصیب
ملتجی نظروں پہ دلبر کو پیار آ ہی گیا

"ہو رہا ہوں مست دیدِ چشمِ مستِ یار میں"
چشمِ ساقی سے نگاہوں میں خمار آ ہی گیا

التفاتِ چشمِ جاناں نے سکوں بخشا مجھے
اضطرابِ قلب کو آخر قرار آ ہی گیا

لاکھ چاہا حالِ دل پنہاں رہے ظاہر نہ ہو
لب پہ اُن کا نام لیکن بار بار آ ہی گیا

منور احمد حامد
فورتھ ایئر (سائنس)

○

اس مے کشی نے ہم کو اُبھارا کہاں کہاں
اس بے خودی میں تجھ کو پکارا کہاں کہاں

دیر و حرم میں کوہ میں صحرا و دشت میں
پھرتا ہوں میں نصیب کا مارا کہاں کہاں

تاروں کو تُو نے آب دی اور گُل کو رنگ بُو
میرے سوا ہے فیض تمہارا کہاں کہاں

سبزے میں، گُل میں، غنچے میں، لالہ زار میں،
بکھرا ہوا ہے حُسن تمہارا کہاں کہاں

پابندیاں تھیں لاکھ منوّر وہ آ ملے
غیروں نے ورنہ زور تھا مارا کہاں کہاں

رابطۂ احساس

کلیم اللہ خان
تھرڈ ایر (آرٹس)

اندھیرے

چاروں کھونٹ ہے گھُپ اندھیرا
دُور نگر ہے دُور ہے ڈیرا
ساتھی ساجن کون ہے میرا؟
قدم قدم پہ ٹھوکر کھائی
ہمت جب بھی ہے آزمائی

راہ بھی پُر پیچ بنی ہے
کالی سر پہ رات تنی ہے
موت سے شاید آج ٹھنی ہے
مَیں ہوں اکیلا اور تنہائی
ہمت جب بھی ہے آزمائی

خار بچھانے والی دُنیا
پیار سے ہے یہ خالی دُنیا
من کی ہے یہ کالی دُنیا
ظالم ہے بھگوان خدائی
ہمت جب بھی ہے آزمائی

ساتھی بھی مُنہ موڑ چکے ہیں
رشتے سارے توڑ چکے ہیں
بیچ بھنور کے چھوڑ چکے ہیں
شام اندھیری مجھ پہ چھائی
ہمت جب بھی ہے آزمائی

سمیع اللہ
ایم اے (اردو)

سفر

ترے جہانِ الم کا نہیں ہوں شیدائی
افق کے پار بہت دور بھاگ جانے والے
جہاں پہ مجھ کو میسّر ہو کچھ تنہائی!
وہاں پہ جا کے مجھے اپنا راگ گانے والے

ترے جہانِ الم کا یہ شورِ آہ و فغاں
کروں گا مَیں اسے برداشت کون کہتا ہے
کسے پتہ ہے کہ کیا ہے یہ میرا سوزِ نہاں
کسی کا درد یہاں آج کون سہتا ہے!

جو ہو سو ہو مجھے معلوم ہے مرا انجام
تو پھر مَیں کیوں نہ تمہیں چھوڑ کر چلا جاؤں؟
مجھے یقیں ہے مَیں پاؤں گا کوئی ایسا مقام
جہاں سے جا کے مَیں خوشیوں کو پھر بلا لاؤں

مجھے حیات پہ اپنی کچھ اعتبار نہیں
جو یاد آؤں تو جی بھر کے مجھ پہ رو لینا
مَیں جا رہا ہوں بظاہر گو اشکبار نہیں
مگر یہ خون کے آنسو مرے پہ رو لینا

مرا سلام مرے شام دو ستاروں سے
خبر یہ اس لئے ان کو سنا رہا ہوں مَیں
کہ ہو رہا ہوں جدا آج اپنے پیاروں سے
افق کے پار بہت دور جا رہا ہوں مَیں!

ذکر و فکر

(مقالات و مضامین)

لطیف احمد قریشی
فورتھ ایر (آرٹس)

ادب: پیدائش اور مقاصد

انسان جب منصۂ شہود پر آیا تو اپنے عظیم الشان اور پُر ہیبت ماحول کو دیکھ کر انگشت بدنداں ہو گیا۔ اگر ایک طرف دیو ہیکل پہاڑ اس کو حیرت زدہ کر رہے تھے تو دوسری طرف مہیب غاریں اس کو نگل جانے کے لئے منہ کھولے پڑی تھیں یہاں وہ اپنے آپ کو جھٹکا دیتے ہوئے سمندر دریا کے سامنے بے بس پاتا تو وہاں طوفان انگیز ہوائیں، بارشیں اور برق و رعد اس میں احساسِ کمتری پیدا کرتیں۔ یہی نہیں اسے اپنے سامنے اسکے خون کے پیاسے وحشی درندے بھی دکھائی دیئے۔ اگر ایک طرف اسے اپنی جان بچانے کے لئے ان قوتوں سے ٹکرانا پڑتا تو دوسری طرف اپنی خوراک حاصل کرنے کے لئے ان کو شکست دینا پڑی۔

پیدائش کے بعد انسان ایک لمحہ کے لئے بھی کہیں سکون حاصل نہ کر سکا بلکہ اپنی حفاظت کی غرض سے اور اپنے لئے خوراک حاصل کرنے کے اس نے اپنے شب و روز ایک کوشش ناتمام میں لگا دیئے۔ اسے اپنی حفاظت کے لئے انہی غاروں میں چھپنا پڑا جو اس کو ابتدا میں تو نظر آتی تھیں جب اس نے خود کو ان فطری طاقتوں کے سامنے بے بس پایا تو بے بسی کے عالم میں اپنے گرد پڑے ہوئے پتھروں اور لکڑیوں سے ہی اس نے ان طاقتوں کا مقابلہ کرنا شروع کر دیا۔ جب وہ اس ماحول سے کچھ واقفیت حاصل کر چکا اور اس کے ذہن نے کچھ ترقی کی تو اس نے زمین کے سینہ کو پھاڑ کر کچھ دھاتیں ڈھونڈ نکالیں اور ان طاقتوں کو شکست دینے کے لئے ان دھاتوں سے اوزار تیار کر لیے۔

اسی طرح ترقی کرتے کرتے وہ آج کی مصروف ترین دنیا میں پہنچ گیا۔ یہاں اسے بیشمار وحشی درندوں اور فطرت کی دوسری ابتدائی زبردست طاقتوں سے تو نہیں لڑنا پڑا لیکن اسے اپنے لئے اور کئی مصائب پیدا کر لئے ہیں۔ کہتے ہیں اس نے ترقی کی ہے لیکن حال یہ ہے کہ اب وہ پیٹ بھرنے کو بھی ترس رہا ہے اور ابھی اس نے ان مادی طاقتوں سے بھی پوری طرح چھٹکارا حاصل نہیں کیا کہ اسے پھر نیا اژدہا منہ کھولے ہوئے اپنی طرف بڑھتا نظر آ رہا ہے۔ کیا وہ اب کے بھی اس کو شکست دے سکے گا؟ —

—— کیوں نہیں —— وہ انسان ہے اسے بہر حال ہر اس طاقت کو سرنگوں کرنا ہے جو اس کے مقابل آئے اور وہ واقعی

اپنی ساری قوتوں کو جمع کر کے میدان میں کود پڑتا ہے۔

ابتدا سے لیکر آج تک اسے ایک لمحہ کے لئے بھی اس سعیِ پیہم سے چھٹکارا نہ ملا اور اس کی یہ ہمیشہ خواہش ہی رہی کہ چند لمحے آرام و چین سے کسی کنجِ تنہائی میں بسر کرے وہ اس کارزارِ حیات سے مفر کے خواب ہی دیکھتا رہا — لیکن افسوس اس کے یہ خواب کبھی پوری طرح شرمندۂ تعبیر نہ ہو سکے!۔

اس کی یہ خواہشِ فرار بہت سی صورتوں میں ظاہر ہوئی کبھی اس نے ان طاقتوں سے صلح کی ٹھانی اور کبھی شکست تسلیم کرنے کی سوچنے لگا لیکن یہ اس کے لئے کیسے ممکن تھا۔ اسے تو بہر حال ان طاقتوں کا مقابلہ کرنا ہے اور انہیں شکست دئے بغیر چارہ نہیں کیونکہ ایک اقلیم میں دو بادشاہ نہیں سما سکتے۔ اس نے ایک اور راہ ڈھونڈی اپنے وقت کا بیشتر حصہ تو وہ ان طاقتوں کے مقابلے میں صرف کرنے لگا اور جب تھکاوٹ سے چور ہو جاتا تو وہ وقتی آرام کے ذرائع سوچتا کبھی اس نے خود کو فطرت کے حسین مناظر میں کھو دیا اور کبھی خود ایسے مناظر پیدا کئے اس کی یہ تخلیقی قوت بہت سی صورتوں میں ظاہر ہوئی اس نے اس کے لئے فنونِ لطیفہ کا سہارا ڈھونڈا۔ اس ترقی یافتہ دور میں جبکہ انسان کا ذہن ترقی کی بہت سی منازل طے کر چکا ہے (بلکہ اب تو انسان اپنی تکمیل تک کو پہنچا ہوا معلوم ہوتا ہے) اس نے فنونِ لطیفہ کی ایک بہت ہی سلجھی ہوئی شاخ پیدا کی جس کا نام ادب رکھا۔

اس نے فنونِ لطیفہ اور خصوصاً ادب سے صرف وقتی مفر کا مقصد حاصل کرنے پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ اس کا ذہن تو ایک پنتھ دو کاج کی سوچ رہا تھا۔ اس نے وقتی مفر کے ساتھ ساتھ اس سے کشمکشِ حیات میں مدد بھی لینا چاہی اور پھر وہ اپنے دوسرے بھائی بند اور اپنی آئندہ آنے والی نسلوں کو بھی اپنے تجربات حیات سے آگاہ کر کے انہیں ان خطرات سے متنبہ کرنا چاہتا تھا جو خود اس کو پیش آئے تاکہ وہ اس کی روشنی میں زیادہ کامیابی سے یہ جنگ لڑ سکیں۔ اس کے لئے اس نے ادب کو ایسے رنگ میں ڈھالا کہ وہ اسے اس پر از مصائب کشمکش سے وقتی آرام بھی دینے لگا اور ساتھ ہی کارزارِ حیات میں بھی اس کے لئے ممد ثابت ہوا۔ اس طرح ادب کی پیدائش کے یہ دو مرکزی اسباب اس کے دو مقاصد بن گئے اور ادب انسانیت کیلئے ایک نعمتِ عظمیٰ بن گئی۔

لیکن انسان کی بدقسمتی کہ تمام نعمتوں کی طرح یہ نعمت بھی تخریبی عناصر کی دست برد سے نہ بچ سکی ستم تو یہ ہے کہ یہ تخریبی عناصر بھی بعض انسان کہلانے والی ہستیاں ہی ہیں جنہوں نے اس کی کشمکشِ حیات سے مفر کی خواہش سے ناجائز فائدہ اٹھایا۔ انہوں نے اسے شرابِ مشکبو کے دھوکے میں سمِ قاتل پلا دیا۔ انہوں نے انسان کی بعض اور بنیادی خواہشوں کو انگیخت کر کے انہیں حد سے بڑھا کر کشمکشِ حیات سے مفر کی ایک راہ کے طور پر پیش کرنا شروع کیا۔ قانونِ قدرت ہے کہ ہر شے کی زیادتی مہلک ثابت ہوتی ہے۔ جب ان عناصر نے اس کی جنسی کمزوری سے غلط فائدہ اٹھایا اور اسے حد سے بڑھا کر پیش کیا تو ظلوم و جہول اور ضعیف انسان بھٹک گیا لیکن نام نہاد ادیبوں (میں تو اسی شخص کو ادیب کہوں گا جس کی تخلیق ادب کے دونوں مذکورہ مقاصد کو پورا کرے) نے اس کو اس فریب میں مبتلا کیا۔ کہ لطافت کی جامع ہستی صرف عورت ہے — کس قدر گمراہ کن خیال ہے! — اور آج انسان کے ذہن پر عورت کو سوار کر دیا گیا ہے۔ وہ اپنا مقصد، مرجع اور ملجا و

مادی غرضیکہ سب کچھ عورت کو سمجھنے لگا ہے اور آج ان گمراہ شدہ اور گمراہ کن ادیبوں کی کارستانیوں کا ہی نتیجہ ہے کہ اگر کسی فرم کو سائیکل کا بھی اشتہار دینا ہے تو اس پر نیم برہنہ عورت ہی سوار دکھائی جاتی ہے اور جہاں چند نوجوان بیٹھے ہیں جنسی گفتگو کے سوا انہیں کوئی موضوع ہی نہیں ملتا اور اگر وہ ادب کے دامن میں پناہ لینا چاہتے ہیں تو وہاں سوائے عورت کے جسم کی تشریح اور رطب اللسانی کے کچھ بھی نہیں۔ اگر نوخیز قارئین کچھ پڑھنا چاہیں تو ہمارے ادب میں جنسیات کی کثرت ہونے کی وجہ سے ان کے لئے سوائے گمراہی کے اور کوئی راستہ دکھائی نہیں دیتا یہی وجہ ہے کہ آج کی فلم انڈسٹری پر بھی عورت کے جسم کی حکومت ہے اور ان میں بھی سوائے جنسی کشش کے اور کچھ نہیں ملتا کیونکہ گمراہ شدہ طبقہ (جو کہ کثیر تعداد میں موجود ہے) سوائے اس کے کسی چیز کو قبول ہی نہیں کرتا۔ اور وہ مجبور ہیں کیونکہ ان گمراہ کن ادیبوں نے ان کے ماحول کو ہی ایسا بنا دیا ہے۔ جب وہ کشمکشِ حیات سے فرار کے لیے ادب کی جانب دوڑتے ہیں تو وہاں انہیں بجائے راحت و تسکین کے اور کوفت بخش دی جاتی ہے ——

اُف کیسی قابلِ رحم حالت ہے!

آج حقیقی انسان (کیونکہ جنسی طور پر پامالی ہستی انسان کہلانے کی حقدار نہیں) ہر طرف سے مایوسی کے سایوں کو بڑھتا ہوا محسوس کر رہا ہے اسے اپنا بدترین انجام سامنے نظر آ رہا ہے لیکن کیا اسے بالکل مایوس ہو جانا چاہیئے؟ ——

ہرگز نہیں۔ وہ انسان ہے انسان! اس نے شکست تسلیم کرنا نہیں سیکھا۔ بلکہ وہ تو ازل سے فاتح پیدا ہوا تھا اور اس نے خوفناک عناصرِ اربعہ کو شکست دے کر یہ بات ثابت بھی کر دی ہے اس لئے وہ یقیناً اس لطافہ ہر بلائے بے درماں کا بھی ضرور کوئی علاج ڈھونڈ لے گا اور پھر یہ مصیبت تو خود اس کی اپنی پیدا کردہ ہے بیشک مکان کا ڈھانا آسان ہوتا ہے اور بنانا بہت مشکل لیکن وہ پیدا ہی اس لئے ہوا ہے کہ مشکلات پر قابو پائے اور مصائب کو شکست دے وہ یقیناً اسے شکست دے دیگا اور دنیا دیکھ لے گی کہ ان گمراہ کن ادیبوں کا کیا حشر ہوتا ہے۔ ہمارے صحت مند ادیبوں کو چاہیئے کہ وہ آگے آئیں اور دنیا کو دکھا دیں کہ ادب تعمیری ہوتا ہے تخریبی نہیں! ادب جنسیات کا نام نہیں بلکہ وہ اس سے اعلیٰ کوئی اور شے ہے۔

"یہ تمہاری تہذیب اور اس کی رسمیں اور بھڑک چمک یہ آداب اور تکلفات سب ایک دھوکا اور ڈھکوسلا ہیں۔ یہ تم کو آدمی نہیں بنا سکتے بلکہ اگر تم آدمی ہو بھی تو تمہیں گڑیا اور گڈے بنا دیں گے —— آدمی کی شان تو اس میں ہے کہ اپنے آپ کو پہچانے اور اپنی قدر کرے اور تہذیب کے بہروپ اور زندگی کے بہروپ اور زندگی کے ہر اس قاعدے کو جو اسے آدمی بننے سے روکتا ہو اسے مٹا دے۔" (روسو)

"عظیم ترین صداقتیں انتہائی سادہ ہیں اور یہی خاصیت عظیم ترین انسانوں کی ہے۔" (اے۔ ڈبلیو۔ ہیئر)

"اگر شاعری انسانی ذہن میں درختوں کے برگ و بار کی طرح پیدا نہ ہو تو وہ شاعری نہیں لعنت ہے۔"

(کیٹس)

مرزا محمد الیاس
(آرمش)

اقبال کی شاعری میں مناظرِ فطرت

شاعری انسان کے نازک جذبات کے اظہار کا نام ہے۔ اور ان جذبات کے اظہار کے لئے شعراء نے حسنِ فطرت سے امداد حاصل کی۔ آخر سرو کی قامت، پھول کی نزاکت، شبنم کی روح پرور خنکی اور چاند کی حسین چاندنی سے کون واقف نہیں۔ چنانچہ بڑے بڑے اساتذۂ فن سودا، ذوق اور انیس و دبیر وغیرہ نے جا بجا مناظرِ فطرت کو اپنے جذبات کے اظہار کا ذریعہ بنایا اور انہیں شعر کی لڑیوں میں پرو دیا۔ لیکن اگر ہم اپنی عقیدت سے بالا ہو کر ان شعراء کے کلام کا بنظرِ غائر مطالعہ کریں تو ثابت ہوگا کہ انہوں نے فارسی کی اندھی تقلید سے کام لیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اردو شاعری کے ارتقاء میں فارسی کو بڑا دخل رہا ہے۔ حتیٰ کہ اردو شاعری کی مروج بحریں تک فارسی سے لی گئی ہیں لیکن فارسی کی اتنی زیادہ تقلید کہ اس کے مضامین پر بھی اردو شاعری کا سنگِ بنیاد رکھا گیا قابلِ اعتراض ہے! فارسی شاعری کی اندھی تقلید کا نتیجہ یہ ہوا کہ اردو شاعری سے اصلیت مفقود ہو گئی۔ جہانگیر کے عدل کی تعریف کرنے کے لئے اسکا نوشیرواں کے عدل سے مقابلہ کیا جاتا۔ بہادری کے لئے رستم و اسفندیار کی مثال دی جاتی اور سخاوت کے اظہار کے لئے حاتم کا نام لیا جاتا۔ یہی تقلید کا اثر فطرت کی منظر کشی پر بھی پڑا۔ ہندوستان کے مرغزاروں، ہمالہ کی بلندیوں اور گنگا جمنا کی وادیوں کی بجائے ایران کے کوہ بیاباں، کوہ الوند کی بلندی اور جیحوں سیحوں کی طغیانی کا ذکر کر کے حسنِ فطرت کو غیر فطری رنگ دیا جاتا۔

اقبال نے سنجیدگی سے اس طرف توجہ کی۔ افکار کو تقلید سے آزاد کیا، حسنِ فطرت کے اظہار کو تصنع سے پاک کیا اور اردو شاعری میں اپنے ماحول کے مطابق منظر کشی کی۔ کوہ الوند و بے ستون کی بلندیوں کے گن گانے کی بجائے اس نے ہمالہ کی عظمت کو خراجِ تحسین ادا کیا۔ ایران کے مرغزاروں اور سبزہ زاروں کا ممنونِ احسان ہونے کی بجائے گنگا جمنا کی پربہار وادیوں کی تصویر کشی کی اور یوں نیچرل شاعری میں بھی اس نے جذبۂ حبِّ وطن کا اظہار کیا۔

بعض لوگ اقبال کی نیچرل شاعری کا ورڈز ورتھ (Words worth) کی نیچرل شاعری سے موازنہ کرتے ہیں اور ورڈز ورتھ کے اندازِ بیان اور طرزِ ادا کو زیادہ دلکش قرار دیتے ہیں لیکن وہ تقابل میں یہ حقیقت نظر انداز کر دیتے ہیں کہ ورڈز ورتھ کی شاعری کا بنیادی نظریہ ہی فطرت کو حسین اور پاکیزہ ثابت کرنا تھا۔ مگر اقبال کا مطمحِ نظر اس سے کہیں آگے تھا۔ جس زمانہ میں وہ پیدا ہوا وہ ورڈز ورتھ کی سی فارغ البالی اور خوشحالی کا زمانہ نہ تھا بلکہ قوم کی مادی اور روحانی بے حسی کا زمانہ تھا۔ اقبال کا منتہائے نظر اپنے اشعار سے قوم کے تنِ مردہ میں زندگی کی روح پھونکنا تھا۔ حسنِ فطرت کی منظر کشی تو اس مقصد کے حصول کا ایک ذریعہ تھی۔ اقبال کے کلام "بانگِ درا" میں نظم "ہمالہ" جہاں فطرت کی منظر کشی کرتی ہے وہاں وطن پرستی کے جذبات سے بھی لبریز ہے۔ اس سلسلے میں یہ مثال کافی ہوگی ؎

اے ہمالہ اے فصیلِ کشورِ ہندوستاں
چومتا ہے جھک کے پیشانی کو تیری آسماں
تجھ میں کچھ پیدا نہیں دیرینہ روزی کے نشاں
تو جواں ہے گردشِ شام و سحر کے درمیاں
تیری عمرِ رفتہ کی اک آن ہے عہدِ کہن
وادیوں میں ہیں تری کالی گھٹائیں خیمہ زن

بوٹیاں تیری تمنا سے ہیں سرگرم سخن
تو زمیں پر اور ایسا ہے فلک تیرا وطن

مختصر یہ کہ اقبال نے حسنِ فطرت کی تصویر کشی میں حب الوطنی کا جذبہ ملحوظ رکھا ہے۔

یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ اقبال نے حسنِ فطرت کی منظر کشی میں بھی اگر اپنا فلسفہ سمویا ہے تو کیا اس سے منظر کشی پر فنی اور ادبی لحاظ سے کوئی اثر تو نہیں پڑا اور کیا اس کی مقصدیت اس کے کلام میں فنی لحاظ سے رو کر تو ثابت نہیں ہوتی۔ اس سوال کا جواب نفی میں سمجھنا چاہیئے کمالِ فن یہ ہے کہ جس منظر کا ذکر کیا ہے اس کی ہو بہو تصویر کھینچ کر رکھ دی ہے اور اس تصویر کو نازک تشبیہات اور اچھوتے اندازِ بیان نے چار چاند لگا دیئے ہیں مثلاً نظم "ایک آرزو" میں رقمطراز ہیں ؎

صف باندھے دونوں جانب بوٹے ہرے ہرے ہوں
ندی کا صاف پانی تصویر لے رہا ہو
پانی کو چھو رہی ہو جھک جھک کے گل کی ٹہنی
جیسے حسین کوئی آئینہ دیکھتا ہو
مہندی لگائے سورج جب شام کی دلہن کو
سرخی لیے سنہری ہر پھول کی قبا ہو
پھولوں کو آئے جس دم شبنم وضو کرانے
رونا مرا وضو ہو - نالا مری دعا ہو

یہ اشعار اقبال کے کمال کا ثبوت ہیں۔ ندی کے کنارے کے درختوں کا جو عکس پانی پر پڑتا ہے اسے کس خوبصورتی سے بیان کیا ہے! پھول کی ٹہنی کے سطحِ آب پر جھکنے کو ایک حسین کے آئینہ دیکھنے سے تعبیر کیا ہے تو نزاکتِ تشبیہ کی معراج ہے غروبِ آفتاب کے وقت شفق کی سرخی کو عروسِ شام کی مہندی سمجھنا اور صبح کے وقت پھول پر پڑی ہوئی شبنم کو آبِ وضو قرار دینا اقبال ہی کا کام ہے اسی طرح نظم "ماہِ نو" میں سورج کے غروب ہونے، شفق کے پھوٹنے اور چاند نکلنے کے نظارے کو یوں بیان کیا ہے ؎

ٹوٹ کر خورشید کی کشتی ہوئی غرقابِ نیل
ایک ٹکڑا تیرتا پھرتا ہے روئے آبِ نیل
طشتِ گردوں میں ٹپکتا ہے شفق کا خونِ ناب
نشترِ قدرت نے کیا کھولی ہے فصدِ آفتاب
چرخ نے بالی چرا لی ہے عروسِ شام کی
نیل کے پانی میں یا مچھلی ہے سیمِ خام کی

ان اشعار میں استعمال شدہ تشبیہات اقبال کی بلندیٔ تخیل اور کمالِ فن کی غماز ہیں۔ نظم "کنارِ راوی" میں شفق کا نقشہ یوں کھینچا ہے ؎

سکوتِ شام میں محوِ سرود ہے راوی
نہ پوچھ مجھ سے جو کیفیت ہے میرے دل کی
شراب سرخ سے رنگیں ہوا ہے دامنِ شام
لیے ہے پیرِ فلک دستِ رعشہ دار میں جام
عدم کو قافلۂ روزِ تیز گام چلا
شفق نہیں ہے یہ سورج کے پھول ہیں گویا

باغ کی دل نوازی کی تصویر نظم "حسرتِ دیدار" میں یوں کھینچی ہے ؎

اشجار جھومتے ہوں شاخیں لچک رہی ہوں
خوشبو ہو بھینی بھینی۔ کلیاں مہک رہی ہوں
شبنم کی ننھی ننھی بوندیں ٹپک رہی ہوں
سبزے پہ موتیوں کا پانی چھڑک رہی ہوں
مصروف آہ ہم تم گل گشتِ باغ میں ہوں
دامن میں پھول جیسے گنجِ فراغ میں ہوں

ایک جگہ "گلِ پژمردہ" سے خطاب کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ ؎

کس زباں سے اے گلِ پژمردہ تجھ کو گل کہوں
کس طرح تجھ کو تمنائے دلِ بلبل کہوں
تھی کبھی موجِ صبا گہوارۂ جنباں ترا
نام تھا صحنِ گلستاں میں گلِ خنداں ترا
تیرے احساں کا نسیمِ صبح کو اقرار تھا
باغ تیرے دم سے گویا طبلۂ عطار تھا

دیکھی آپ نے تمنائے دلِ بلبل۔ گُلِ خنداں اور قطرۂ شبنم کے الفاظ نے ایک پُر بہار باغ کی کتنی خوبصورت تصویر کھینچ دی ہے ان امثال سے واضح ہوتا ہے کہ اقبال کو منظر نگاری میں کمال حاصل ہے

اقبال فطرت کی منظر کشی کو کس انداز سے اپنے فلسفہ سے ہم آہنگ کرتا ہے۔ یہ انداز بجائے خود ایک فن ہے "ساقی نامہ" کی ابتدا بہار کے رنگین موسم کا تصور پیش کرتی ہے۔ ؎

ہوا خیمہ زن کاروانِ بہار
ارم بن گیا دامنِ کوہسار
گل و نرگس و سوسن و نسترن
شہیدِ ازل لالہ خونیں کفن
جہاں چھپ گیا پردۂ رنگ میں
لہو کی ہے گردش رگِ سنگ میں

اس تصور میں بھی اقبال کی شاعری کے بنیادی نظریہ یعنی حرکت ارتقا کا عمل جاری ہے یہاں تک کہ بہار کی تصویر ندی کے بغیر مکمل ہی نہیں ہوتی۔ ؎

وہ جوئے کہستاں اچکتی ہوئی
اٹکتی لچکتی سرکتی ہوئی
اچھلتی پھسلتی سنبھلتی ہوئی
بڑے پیچ کھا کر نکلتی ہوئی
رکے جب تو سِل چیر دیتی ہے یہ
پہاڑوں کے دل چیر دیتی ہے یہ

ملاحظہ فرمایئے اس آخری شعر میں کتنا عظیم الشان سبق پنہاں ہے یہی نہیں بلکہ پہاڑوں کے دل چیر دینے والی ندی انسان کو ایک پیغام دیتی ہے۔ ؎

فریبِ نظر ہے سکون و ثبات
تڑپتا ہے ہر ذرۂ کائنات
ٹھہرتا نہیں کاروانِ وجود
کہ ہر لحظہ ہے تازہ شانِ وجود

سمجھتا ہے تو راز ہے زندگی
فقط ذوقِ پرواز ہے زندگی

نظم "لالۂ صحرا" میں فرماتے ہیں ؎

یہ گنبدِ مینائی یہ عالمِ تنہائی
مجھ کو تو ڈراتی ہے اس دشت کی پہنائی

یہاں پہنچ کر اقبال اپنے جذبات کے دھارے کو بے مقصد نہیں بہنے دیتا بلکہ کہتا ہے ؎

بھٹکا ہوا راہی میں بھٹکا ہوا راہی تو
منزل ہے کہاں تیری اے لالۂ صحرائی
تو شاخ سے کیوں پھوٹا میں شاخ سے کیوں ٹوٹا
اک جذبۂ پیدائی اک لذتِ یکتائی
اے بادِ بیابانی مجھ کو بھی عنایت ہو
خاموشی و دلسوزی سرمستی و رعنائی

اقبال کے نزدیک مناظرِ فطرت محض ذہنی تسکین یا عیاشی کا سامان نہیں بلکہ دیکھنے والی نگاہ ان میں بہت کچھ دیکھتی ہے ؎

قلب و نظر کی زندگی دشت میں صبح کا سماں
چشمۂ آفتاب سے نور کی ندیاں رواں
حسنِ ازل کی ہے نمود چاک ہے پردۂ وجود
دل کے لئے ہزار سود ایک نگاہ کا زیاں

نظم "مسجد قرطبہ" میں شام کے وقت کی منظر کشی کرتے ہوئے وہ خیالات کے اتھاہ سمندر میں ڈوب جاتے ہیں۔ ان کے خیالات کی رو ان کے تصور کو کہیں سے کہیں پہنچا دیتی ہے ؎

وادیٔ کہسار میں غرقِ شفق ہے سحاب
لعلِ بدخشاں کے ڈھیر چھوڑ گیا آفتاب
سادہ و پُرسوز ہے دخترِ دہقاں کا گیت
کشتیٔ دل کے لئے سیل ہے عہدِ شباب
آبِ روانِ کبیر! تیرے کنارے کوئی
دیکھ رہا ہے کسی اور زمانے کا خواب!

اقبال نے ان مناظرِ قدرت کے دھیان جو خواب دیکھا تھا

طنز و مزاح

ایل - ایم - اسعد
(سائنس)

"مقررین کی قسمیں"

(مباحثوں سے متاثر ہو کر ——— مقررین سے معذرت کے ساتھ)

اچھا صاحب مجھے یہ تو بتایئے کہ آپ نے آج تک کتنے مباحثے سنے — ؟ تین چار نہ سہی ایک آدھ میں تو کان صاف کئے ہی ہوں گے۔ اگر آپ ذرا فراخ دل واقع ہوئے ہیں تو یقیناً داد و تحسین کے ڈونگرے بھی برسائے ہوں گے ——— جی ہاں! اُن مقررین کی تمثیلی راقم الحروف اقسام بیان کرنے لگا ہے!

آپ ضرور سوچ رہے ہوں گے کہ مقررین اور پھر ان کی قسمیں؟ بات کچھ بے جوڑ سی ہے۔ ابھی ضرور کہیے لیکن پہلے میری بھی سُن لیجیے جس طرح جنس اور صنعت کی کئی قسمیں ہیں بالکل اسی طرح یادش بخیر ——— مقررین کی بھی کئی قسمیں ہیں۔ اور یہ ایسی واضح اور عیاں ہیں کہ راقم الحروف قسمیں کھا کر بیان کر سکتا ہے ———!

علم جغرافیہ کی رُو سے تو کسی علاقے کو سطح مرتفع اور مانسونی بارشوں وغیرہ کے لحاظ سے تقسیم کیا جاتا ہے مگر یہاں معاملہ دوسرا ہے لباس کی سجاوٹ، چہرے کی تراوٹ، بالوں کی بناوٹ، ناز نخرے اور پھر کچھ تقریر کے حصے بخرے زیادہ اہمیت کے حامل ہیں مشاہدات و تجربات کی بنا پر مقرروں کو تین بڑی قسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ مقررین تو مقرر ہی ہیں۔ مدرسے کا مال تو ہے نہیں کہ اس کی تقسیم پر سر پھٹول شروع ہو جائے۔ اگر آپ کا جی چاہے اور اپنے تجربے کے مطابق چار، پانچ، دس جتنی مرضی ہو قسمیں گھڑ لیجئے ——— اس میں خطرے کی کوئی بات نہیں ——— مقرر اگر ہمیں اسٹیج پر کوسیں گے تو ہم انہیں انشاءاللہ یہاں کاغذ میں رگید دیں گے!!

(۱) طوطے :۔ اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ یہ مقرر خود یا بقدر "طوطا چشم" ہوتے ہیں یا طوطوں کی طرح ٹیں ٹیں کرنا ان کا وطیرہ ہوتا ہے۔ بلکہ مشاہدہ یہ ہے کہ ایسے مقرر بڑے معقول اور با مروت ہوتے ہیں۔ یہ نام تو ایک اور خصوصیت کی وجہ سے ہے۔ یہ صفت ابھی ہر مقرر میں بحصہ رسدی پائی جاتی ہے۔ اس صفت کو عام فہم اصطلاح میں ہم "رٹّا" کہہ سکتے ہیں۔ آپ میں کئی ماشاءاللہ تجربہ کار بھی ہوں گے۔ خدا لگتی کہیے رٹا لگائے بغیر اس عمر میں گزارہ کیسے ہو سکتا ہے؟ ویسے بھی "ماہرین تعلیم" کی رائے یہی ہے کہ رٹا ہر نتھو خیرے کے بس کا روگ نہیں۔ اگر ٹھنڈے دل سے غور کیا جائے تو صاف محسوس ہو کہ رٹا ایک فن ہے ——— ایک عظیم فن! ہر مباحثے میں تبرک کے طور پر دو تین مقرر ہی ایسے ہوتے ہیں جو فی البدیہہ تقاریر کرنے کی زحمت گوارا کرتے ہیں یا ان کو اس فن پر اس حد تک عبور حاصل ہوتا ہے کہ وہ اپنی اس "کاوش" کی پردہ پوشی کرنے پر قادر ہوتے ہیں ——— ورنہ اکثر ایسے ہوتے ہیں کہ لکھے موسیٰ پڑھے خدا والا معاملہ ہوتا ہے۔ راقم الحروف رٹا لگانے والے بزرگوں کی نسبت رٹے کی پردہ پوشی کرنے والے فرشتے کا زیادہ قدردان ہے۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ اس میدان کے شہسوار انگلیوں کیا ہاتھوں یا پیروں پر گنے جا سکتے ہیں۔ اکثر ایسے ہوتے ہیں کہ طوطی بولنے کی بجائے ان کا ٹیپا ہی بول جاتا ہے۔

جوشِ خطابت میں کچھ ایسے کھو جاتے ہیں کہ اُن کا "شعور" لاشعور ہو جاتا ہے اور ان کا اندازِ بیان بے تُکی کھا رہا ہوتا ہے کہ ——— جنابِ میاں مٹھو نے خوب چُوری کھائی ہے۔ مجھے یاد ہے کہ ایک فاضل مقرر صاحب نے اپنی تقریر کا گلا اس فقرے پر گھونٹا ——— "بس صدرِ والا! میں مندرجہ بالا حقائق کی روشنی میں قرار داد زیرِ بحث کی پُر زور مذمت کرتا ہوں" اور سُننے والے بھانپ گئے کہ "مندرجہ بالا" کا اشارہ "چُوری" کے "بورے" کی طرف ہی ہے!

---

(۳) لطیفے: مقررین کی یہ قسم بہت ہی البیلی ہوتی ہے۔ ان کا کام ٹرافی سے "وصل" تک محدود نہیں ہوتا بلکہ ان کا مقصد ہی ہنسنا ہنسانا ہوتا ہے۔ یوں کہنا چاہیئے کہ ان کا وجود باوجود "رحمتِ غیر مترقبہ" سے کم نہیں۔ اور ایسے عالم میں جبکہ کئی مقررین اپنی قابلیت کے زعم میں "بوریت" کے جراثیم چھوڑ چکے ہوتے ہیں! ان "جراثیم کُش" مقرروں کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ جراثیم کش نوعیت کی تقاریر کا مطلب یہ نہیں کہ ایوان میں فنائل یا ڈی ڈی ٹی کی بُو پھیل جاتی ہے بلکہ ایوان تو قہقہوں کا جیتا جاگتا زعفران زار بن جاتا ہے!! مگر افسوس ہے کہ یہ مقرر بھی معدوم پرندوں یا جانوروں وغیرہ کی طرح ——— کمیاب بلکہ نایاب ہی ہیں! مگر اللہ میاں کی دین ہے کہ ہر کالج میں ایک آدھ مقرر موجود ہوتا ہے ——— یا پھر موجود رہتا ہے!!

مگر میرا تو یہی مشاہدہ ہے کہ اب ہر مقرر لطیفہ گوئی اور بذلہ سنجی کے لئے چو پیچ کھو لینے پر آمادہ ہوتا ہے ——— اور انجام غالب کے اس شعر

ہر بوالہوس نے حُسن پرستی شعار کی
اب آبروئے شیوۂ اہلِ نظر گئی!

سے عیاں ہے! یوں سمجھنا چاہیئے کہ تقریر کرنے کا انداز ہی کم و بیش یہی ہوتا جا رہا ہے۔ مقرر بڑے ناز سے کئی بل کھا کر سیٹ سے اُٹھتا ہے۔ بلکہ پہلے تو سیٹ سے "اکھڑتا" ہے اور پھر اُٹھ کر اسٹیج کی طرف کشاں کشاں بڑھنے لگتا ہے۔ اسٹیج پر جلوہ گر ہونے کے بعد ذرا "پوز" بنایا جاتا ہے۔ ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ کھینچ تان کر لائی جاتی ہے۔ جیب میں ہاتھ ڈالنے کے بعد گردن کو ٹیڑھا کرتے ہوئے ہر مقرر یہ فقرہ ضرور کہتا ہے ——— "صدرِ محترم! ابھی ابھی جو مقرر اُس طرف سے آئے تھے ——— تو انہیں دیکھ کر مجھے یہ لطیفہ یاد آیا ———" مقرروں کی رگیں مقرر ہی جانے! ایک دوسرے کی حالتِ زار دیکھ کر انہیں کوئی نہ کوئی لطیفہ ضرور سوجھتا ہے۔ خیر یہ افتتاحی جملہ کہنے کے بعد وہ گردن سیدھی کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اب ٹائی کی "ناٹ" پر بھی ہاتھ پڑے گا جو وہاں سے کھسک کر سامنے چہرے پر حرکت کر کے کریم، پوڈر کے اثر کا جائزہ لیتا ہے! انجام کار گردن سیدھی ہوتی ہے مگر "کششِ ثقل" کی وجہ سے وہ بے چاری دوسری طرف لڑھک جاتی ہے ——— اور اسی قابلِ رحم حالت میں وہ اپنا "لطیفہ" پڑھتا ہے!!

کئی لطیفے تو واقعی بڑے با موقع ہوتے ہیں مگر کئی تو مقررین کی طرح نرے یتیم ہی ہوتے ہیں۔ اور اس حرکت پر سخت غصہ آتا ہے اتنے تکلیف دہ تکلف کے باوجود اس اذیت پر کسی بد ذوق کا گولی مارنے کو بھی نہ چاہتا ہو گا! میں عرض کر رہا تھا کہ کئی لطیفے بڑے بوسیدہ ہوتے ہیں۔ اسی سلسلے میں آپ نے وہ قصہ تو سُنا ہو گا کہ کسی تیلی نے ایک جاٹ کو کہہ دیا "جاٹ رے جاٹ تیرے سر پہ کھاٹ!" مگر وہ جاٹ خلافِ معمول حاضر جواب واقع ہوا تھا اس نے جھٹ جواب دیا "تیلی رے تیلی تیرے سر پہ کولہو" پاس ہی کوئی دل جلا نقاد بیٹھا تھا فوراً اچھلا ——— "آداب عرض! قافیہ ردیف ٹھیک نہیں ہے" ——— جاٹ نے جواب دیا "اگر جان کی ضرورت ہے تو یہ آداب واداب اپنے پاس ہی رکھو۔ تمہیں پتہ نہیں کہ آزاد شاعری کا زمانہ ہے۔ قافیہ ردیف جائے بھاڑ میں۔ جب تیلی کو کولہو اٹھانا پڑے گا تو چودہ کیا پندرہ طبق روشن ہو جائیں گے" ———

یہ تو ایک جملہ معترضہ تھا۔ مراد یہ ہے کہ گھسے پٹے ڈھنگ اور بوسیدہ لطیفے محض غریب سامعین پر کوہِ الم ڈھانے کے مترادف سمجھے جاتے ہیں مگر پیشتر اب بھی ایک عذاب ہیں۔ اور یہ لوگ کے شرفا تو دوسرے شہروں کے سامعین سے ذرا مختلف ہیں جو اس قدر "رقیق القلب"

واقع ہوئے ہیں کہ پھر بھی مُسکرا کر کھسیانے مقرر کی لاج رکھ لیتے ہیں!

"لطیفہ" قسم مقررین محفل اُلٹنے پر قدرت رکھتے ہیں۔ ان کے سینے جرأت سے بھرپور ہوتے ہیں! ہر فقرہ قہقہہ، ہر دلیل شگوفہ! سچ تو یہ ہے کہ مجھے ایسے ہی مقرروں کی تقریریں اکثر یاد رہتی ہیں — گزشتہ سال ایک مقرر نے اپنی تقریر کا اس فقرے پر اختتام کیا — "بس صدرِ محترم! میں اس قرارداد کی مذمت کرتے ہوئے دلائلِ قاطعہ، براہینِ ساطعہ اور افکارِ نیرہ کے بحرِ بیکراں میں حزبِ موافق کے مقررین کا بیڑہ غرق کرتا ہوں"!

اور پھر اسی سال اسی مقرر نے کہا:-

"صدرِ محترم اگر حزبِ موافق انسان کا
مستقبل روشن بتاتی ہے تو میں اپنے خصوصی
اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے اُسے
دائرۂ انسانیت سے خارج کرتا ہوں"!

---

(۳) "پوزی":- چونکہ یہ لفظ آج ہی اُردو لُغت میں شکریہ کے ساتھ داخل کیا گیا ہے۔ اس لئے وضاحت ضروری ہے۔ جن مقررین کا کام صرف "پوز" بنانے کے بعد "ڈانس" کرنا ہی ہوتا ہے انہیں "پوزی مقرر" کہا جاتا ہے۔ میرا تو یہ خیال ہے کہ ایسے مقررین ایک قسم کی شدید خوش فہمی یا غلط فہمی میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اُن کی سب سے بڑی خدمت میرے نزدیک یہی ہے کہ ان کا نفسیاتی تجزیہ کروانا چاہیئے۔ بہترین صورت یہی ہے کہ تقریر کرنے سے پہلے یا بعد ان حضرات کو مینٹل ہسپتال کی زینت بنایا جائے۔! "ایسا کرنے سے بہتوں کا بھلا ہوگا!!"

بہرحال ان حضرات کی دیرینہ خواہش یہی ہوتی ہے کہ اُن کی کسی جہاندیدہ ترین انگڑائی کا جادو فوٹوگرافر پر بھی اس طرح چلے کہ بے چارے کا فوٹو لئے بغیر گزارہ نہ ہو سکے۔ یہی وجہ ہے کہ ایوان کو خوشی خطابت میں "ہیرو" سمجھنے لگتے ہیں!

راقم الحروف کا محتاط اندازہ ہے کہ یہ حضرات "پوز سازی" یعنی عشوہ طرازی کی ریہرسل کر کے آتے ہیں۔ ایک دفعہ راکٹ کا موضوع زیرِ بحث تھا تو میرے ایک دوست نے اس طرح بازو پھیلائے کہ گمان ہوا کہ بس راکٹ "اُڑا" چاہتا ہے!! بھلا ایسا وحشت انگیز منظر دیکھ کر کس کے پیٹ میں گُدگُدیاں نہ دوڑی ہوں گی؟ ویسے بھی "پوز سازی" ایک آرٹ ہے۔ جس طرح جہاز سازی، ظروف سازی — مثلاً اوّل الذکر تو فنونِ لطیفہ میں شامل ہے۔ بلکہ یوں کہنا چاہیئے یہ صحافت ہماری ثقافت اور کلچر کی جان ہے!!

مگر کئی بار پوز بناتے بناتے بات بگڑ جاتی ہے اور پھر بنائے نہیں بنتی! اس پوز سازی پر اعضائے مجلس کا بھی کچھ اثر ہوتا ہے۔ کبھی مقررین پہ "اضطراری حالت" میں خود رفتگی اور رقت سی طاری ہو جاتی ہے۔ ایسی حالت میں اگر تصویر کش حضرات سے "تصویر" کھنچ جائیں تو اُن کی جان پر بن جاتی ہے۔ اس معاملہ میں میری ساری ہمدردیاں انہی کے شاملِ حال ہیں۔ وہ ناراض ہونے میں حق بجانب ہیں — دُور سے آئے۔ ہفتہ بھر ریہرسل کی۔ اس گرانی کے دور میں کریم، پوڈر اور لپسٹک پر فضول خرچی کی اور لا تب جا کے کہیں پوز بنا! اور وہ بھی اگر آپ کو پسند نہ آئے تو ظلم نہیں تو اور کیا ہے؟ اگر میرا بس چلتا تو میں ایسے مقررین کو لے کر کسی عجائب گھر میں بطور "تبرک" بند کروا دیتا!

ع اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

آپ ان مقررین کو ٹرافی دے دیں۔ بلکہ میں تو کہتا ہوں کہ اگر سارا کالج تک شاپ انہیں پلاٹ اور ٹیوب ویل سمیت ایک گٹھڑی میں باندھ کر ان کے سر پہ لاد دیا جائے — تب بھی وہ خوش ہونے کے نہیں۔ انہیں تو صرف "اسٹائل" کا مظاہرہ کرنا ہوتا ہے۔ انکا مقصود صرف "پوز" کی نمائش ہے انہیں تو چاہیئے انعام یا ٹرافی نہیں!!

کئی "پوز" تو واقعی ایسے قیمتی ہوتے ہیں کہ اُن کے ضائع ہونے کا بڑا رنج و قلق ہوتا ہے۔ ان تصاویر کے ضیاع کی وجہ سے ملک کے "تجریدی آرٹ" پر بُرا اثر پڑتا ہے۔ بُرا اثر کیا اس کی جان پر بن جاتی ہے۔ بلکہ ایسی تصاویر تو جناب چغتائی کے پاس بھیجی جانی چاہئیں۔ کیونکہ جنہیں وہ نقشوں میں بگاڑتے ہیں وہ یہاں نقشوں میں بن جاتی ہیں!!

(باقی صفحہ ۳۵ پر)

فاروق احمد
(سائنس)

بزمِ ابلیس

(چرخِ کبود کے کسی نامعلوم گوشے میں ابلیس ایک عظیم الشان مسند پر اپنے پورے شیطانی جاہ و جلال کے ساتھ رونق افروز ہے۔ اس کے ساتھ والی مسند پر اس کا مشیر خاص متمکن ہے۔ اور ان دونوں کے بالمقابل نصف دائرے کی شکل میں ابلیس کے متعدد مشیر بڑے ادب اور احترام سے بیٹھے ہوئے ہیں)

ابلیس۔ میرے دوستو اور ہمدردو! ہمارا آج یہاں جمع ہونے کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ ہم اپنی گزشتہ سرگرمیوں کا جائزہ لیں اور غور کریں کہ ہماری آئندہ ترقی کے کیا امکانات ہیں۔ اسلئے بہتر یہی ہو گا کہ آپ میں سے ہر ایک باری باری اپنی کارگزاری سے ہمیں مطلع کرے۔

پہلا مشیر۔ (ابلیس سے مخاطب ہو کر) حضور! یہ خادم آپ کا ادنیٰ ترین خادم ہوں۔ اور مجھے بجا طور پر فخر ہے کہ آپ کے نمک حلال خادموں میں شمار کیا جاتا ہوں۔ میری ساری عمر بنی نوعِ انسان کے اندر مفاد پرستی، حرص اور خود غرضی کا جذبہ پیدا کرنے میں گزر رہی ہے۔ یہ میری ہی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ آج انسان کی حالت یہ ہے کہ وہ اپنے مفاد اور مطلب کی خاطر اپنے عزیز ترین دوست کو بھی قربان کرنے سے دریغ نہیں کرتا۔ وہ اپنی ضرورت کو دوسروں کی ضرورت پر مقدم رکھتا ہے۔ وہ اپنی معمولی سے معمولی غرض پوری کرنے کی خاطر دوسروں کو عظیم نقصان پہنچانے پر تیار ہو جاتا ہے۔ اور آج انسان کی حالت یہ ہے کہ اس کی حرص کی کوئی انتہا نہیں۔ امیر غریب کی مدد کرنے کی بجائے اس کا خون چوس کر خوشی محسوس کرتا ہے۔ انسان دولت حاصل کرنے کے لئے اپنے ایمان تک کو فروخت کر دیتا ہے۔ اس کا دین، اس کا ایمان، اس کی دنیا اور اس کا سب کچھ روپیہ کے لالچ سے خریدا جا سکتا ہے۔ حضور مجھے حقیقی اطمینان ہے کہ ہماری مشترکہ کوششیں ہمارے ترقی کے مستقبل کو روشن تر بنا دیں گی۔

ابلیس۔ تمہارے بیان میں صداقت اور وفاداری کی بو پائی جاتی ہے۔

مشیر خاص۔ حضورِ والا! میں بھی دیر سے یہی سوچ رہا ہوں۔ مجھے علامہ اقبال کا یہ شعر اس موقع پر غیر معمولی طور پر حقیقت پسندانہ لگ رہا ہے۔ ع

کون کر سکتا ہے اس کی آتشِ سوزاں کو سرد
جس کے ہنگاموں میں ہو ابلیس کا سوزِ دروں

دوسرا مشیر۔ (ابلیس سے) حضورِ عالی وقار! میں گزشتہ کئی برسوں سے اشرف المخلوقات کے درمیان حسد اور بغض کی آگ بھڑکا رہا ہوں اور مجھے اس سلسلے میں غیر متوقع کامیابی ہوتی رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج انسان کسی دوسرے کی ترقی کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھ نہیں سکتا۔ وہ یہ نہیں چاہتا کہ کوئی دوسرا شخص اس سے ترقی کر جائے۔ اس کی خواہش یہی ہوتی ہے کہ باقی تمام انسان اس سے بھی بدتر زندگی بسر کریں۔ آج میری کوششوں کے نتیجے میں انسان بہو حاجت سے کوسوں دور پہنچ چکا ہے۔ دینی معاملات کی انجام دہی کے وقت وہ خود کو بچانے کی خاطر دوسروں پر شدید قسم کے

الزام لگاتا ہے اور اپنی اصلاح سے بالکل غافل ہو جاتا ہے۔ آجکل لیڈروں کا فقدان ہے اور عوام کے ایماندار بکثرت پائے جاتے ہیں۔

حضور عالی مقام آج میری جد و جہد کا نتیجہ بالکل واضح ہے۔ انسانوں میں باہمی منافرت اور عداوت گھر کر چکی ہے اور ہماری خوش قسمتی ہے کہ ایسے لوگ دنیا میں بکثرت موجود ہیں اور حضور کی نیک نامی اور شہرت کا باعث ہیں۔

ابلیس۔ ہماری رائے میں تمہاری کارکردگی لائق صد ستائش ہے۔

مشیر خاص۔ میرا خیال بھی حضور کی رائے کے ساتھ باہمی سمجھوتہ کرنے پر رضامند نظر آ رہا ہے۔ حضور علامہ اقبال نے بھی درست ہی فرمایا تھا۔ ؎

جس کی شاخیں ہوں ہماری آبیاری سے بلند
کون کر سکتا ہے اس نخلِ کہن کو سرنگوں

ابلیس۔ (مشیر خاص سے) ہم ان دونوں کے حسنِ عمل سے بہت متاثر ہوئے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ آئندہ یہ اپنے آپ کو اس سے بھی زیادہ اہم کاموں کی انجام دہی کا اہل ثابت کریں گے۔ اب ہم اپنے تیسرے مشیر کو اجازت دیتے ہیں کہ وہ اپنے طریق کار کی وضاحت کرے۔

تیسرا مشیر۔ حضور والا! میں نے آپ کے سب سے بڑے دشمن یعنی مسلمان کو گمراہ کرنے کا فرض ادا کیا ہے۔ میں نے مسلمانوں میں کئی فرقے پیدا کئے اور ان کی طاقت کا شیرازہ بکھیر دیا۔ میں نے ان میں معمولی معمولی باتوں کا اختلاف پیدا کیا۔ ان کو ہمیشہ کے لئے نا ختم ہونے والے جھگڑوں میں لگا دیا۔ میرے اکسانے پر انہوں نے کلام الٰہی کو ترک کر دیا جس کے نتیجے میں وہ غیر شرعی مسائل اور خود ساختہ رسوم کے پیچھے پڑ گئے۔

مشیر خاص۔ (تیسرے مشیر کی بات کاٹ کر) تمہارے کارناموں کی روشنی میں میرے لئے اس شعر کا سمجھنا چنداں مشکل نہیں رہا۔ ؎

کیا مسلماں کے لئے کافی نہیں اس دور میں
یہ الٰہیات کے ترشے ہوئے لات و منات

ابلیس۔ (تیسرے مشیر سے) ہم تمہاری باتوں سے خاص طور پر متاثر ہوئے ہیں۔ تمہیں اپنی گفتگو جاری رکھنی چاہیئے۔

تیسرا مشیر۔ حضرت یہ میری ہی حکمت عملی کا نتیجہ تھا کہ بغداد سے مسلمانوں کی شان و شوکت کا خاتمہ ہو گیا۔ جس وقت ہلاکو خاں بغداد پر حملہ کی تیاریاں کر رہا تھا بغداد میں شیعہ اور سنی کے فسادات فقط عروج تک پہنچ چکے تھے۔ انہیں اپنے وطن کی حفاظت کے لئے عوام کو متحد کرنے کا خیال تک نہ تھا۔ انہیں اس بات کا احساس اس وقت ہوا جبکہ ہلاکو خاں انکے گھروں میں داخل ہو چکا تھا لیکن اس وقت کوئی بھی تدبیر کارگر نہ ہو سکی۔ بغداد کو ہولناک تباہی کا سامنا کرنا پڑا۔ اور ساتھ ہی مجھے بھی اطمینان کا سانس نصیب ہوا۔

میرے آقا! معمولی سے اختلافات کی بنا پر میں نے مسلمانوں کو اس قدر نقصانات پہنچا دیئے کہ وہ آج تک ان کی تلافی نہیں کر سکے۔

ابلیس کا تیسرا مشیر اتنا کہنے کے بعد خاموش ہو گیا۔ ابلیس اپنی مسند سے اٹھ بیٹھا۔ اس نے کچھ کہنے کی بجائے فاتحانہ انداز سے ناچنا شروع کر دیا۔ اس کی آنکھوں میں وحشیانہ چمک تھی۔ ایسی چمک جو کہ انسان کو اندھا بنا دیتی ہے۔ ابلیس رقص کرتا رہا اور اس کے مشیر اس کے حق میں پُرشور نعرے بلند کرتے رہے۔ نظامِ آسمانی میں ایک عجیب سی ہلچل مچی رہی۔ اسی دوران میں آسمان کے بالائی طبقات سے ایک شعلۂ نورانی نمودار ہوا اور ابلیس کی مجلس کے عین درمیان میں آ کر گرا۔ ابلیس کی ساری مجلس درہم برہم ہو کر رہ گئی۔

حنیف صدیقی
(ساحلی)

"کب ایسے لوگ ہوتے ہیں پیدا جہاں میں؟"

(کردار فرضی ہے۔ کسی قسم کی مطابقت اتفاقی ہی ہو سکتی ہے۔ مضمون نگار اور ادارہ ذمہ دار نہیں!)

النادی کی وساطت سے آپ اب تک نہ جانے کتنی عجیب و غریب شخصیتوں سے غائبانہ طور پر متعارف ہو چکے ہیں لیکن ابھی تک میرے ایک عظیم دوست "تعارف" کی زد سے محفوظ ہیں۔ میں نہیں چاہتا کہ آپ ایک ایسی ہستی سے متعارف ہوئے بغیر ہی اس دنیائے فانی سے گزر جائیں جو دنیا کا آٹھواں عجوبہ کہلانے کا مستحق ہے۔ مختصر یہ اگر آپ سے ان کے متعلق پوچھا جائے تو پھر وہاں آپ کیا جواب دیں گے؟ چونکہ "سارے جہاں کا درد میرے جگر میں ہے" —— اسلئے میں نے ان کے مناقب عالیہ پر روشنی ڈالنے کا مصمم ارادہ کر لیا ہے یہ تو میں نہیں کہہ سکتا کہ ان سے مل کر آپ کو وہی روایتی مسرت ہوگی یا میری طرح شدید کوفت ہی آپ کے مقدر میں بھی ہے! لیکن یہ میرے دل کی آواز ہے کہ ان سے رسم و راہ پیدا کئے بغیر اس دنیا میں زندہ رہنا مرجانے کے مترادف ہے۔ اور پھر مرجانا ایک بہت بڑی محرومی ہے یوں تو ہر دیس میں عجیب و غریب انسان اور حیوان رونما ہوتے رہتے ہیں لیکن میں اپنے عظیم دوست کو دیکھ کر اکثر ورطۂ حیرت میں ڈوب جاتا ہوں کہ ع

ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی؟

اب میں آپ کو مزید انتظار میں رکھنا نہیں چاہتا! وہ دیکھیے موڑ پر ایک انسان نما جانور حرکت کر رہا ہے —— حرکت کیا یوں کہیے کہ رینگ رہا ہے۔ بڑے بڑے "مفکروں" کا قول بلکہ تجربہ ہے کہ —— "ہیٹ" اور عینک یا تو انسان کی معقولیت میں اضافہ کر دیتی ہے اور یا پھر "ابتر" کا موجب ہوتی ہے اسلئے قریشی صاحب —— ان دونوں چیزوں کے دلدادہ ہیں۔ نتیجہ دونوں کمبختوں نے ان کی معقولیت کا ستیاناس کر دیا ہے —— ! ماشاءاللہ اچھے بھلے آدمی ہیں —— ناک نقشہ اگرچہ کرخت ہی ہے لیکن پھر بھی عادات و اطوار "زمانۂ جاہلیہ جدید" کہنا زیادہ موزوں ہے! ایسا کیوں ہے؟ —— کوئی ماہر نفسیات ہی اس گتھی کو سلجھا سکتا ہے لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ شخص ہے بڑی پُر اسرار ——!! جوں جوں یار لوگ اس طرح پر پیچ کے خم کھولتے ہیں توں توں نئے نئے "معارف" کا انکشاف ہوتا ہے! یہ زمانہ بڑا عجیب قسم کا ہے رات کو تو اکثر خشک و تر خواب آتے ہی رہتے ہیں۔ لیکن دن کو بھی لوگوں میں "محو خواب رہنے کا مرض ان میں بڑھتا جا رہا ہے" اس پرواز تخیل کا دوسرا نام "اعلیٰ مقصدیت" ہے یعنی کوئی بلند مقصد پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ واقعی یہ بڑی اچھی چیز ہے نفسیات والوں نے تو اس موضوع پر کتابیں لکھ ڈالی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کتابوں پر ہمارے قریشی صاحب کی نظر پڑ گئی ہے! چنانچہ انہوں نے اپنے لئے "ڈاکٹری" کا پیشہ تجویز کیا ہے۔ قریشی صاحب بالکل ایسے ہی جیسے کوئی ڈاکٹر کسی مریض کیلئے مارفیا کا ٹیکہ تجویز کرتا ہے بڑے دھڑلے سے کہتے ہیں کہ ڈاکٹر بن کر قوم کی "خدمت" کریں گے! ان کا فلسفۂ خدمت بھی یقین جانئے بڑا عجیب و غریب ہے کہتے ہیں کہ آپ "رائج الوقت" ڈاکٹروں کی خصوصیات کی پیروی نہیں کریں گے اور یہ کہ ان کا سلوک دیکھ کر لوگ ان ڈاکٹروں کو بھول جائیں گے۔ چنانچہ اس مقصد کے حصول کی خاطر آپ نے ابھی سے اس کی پریکٹس شروع کر دی ہے "ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات" قرائن سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ عام ڈاکٹر تو صرف ہڈی جوڑتے ہیں یہ حضرت ہڈیاں بھی چاٹ جائیں گے ان کے نزدیک ڈاکٹری محبت

بڑا فائدہ یہ ہے کہ انسان پر "فضلِ ربی" کا نزول ہوتا ہے!! یہ تو سب کو علم ہے کہ قوم میں بیماری اور موت کی شرح بڑی تیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہے لیکن قریشی صاحب چونکہ بنی نوعِ انسان کے بڑے ہمدرد ہیں اس لئے ان کی دیرینہ آرزو یہی ہے کہ لوگ نہ مریں بلکہ صرف بیمار ہی رہیں! اور موت کی شرح بھی بیماری کی شرح میں "جمع" ہو جائے!! اسی فکر اور غم و حزن میں وہ دن بدن موٹے ہو رہے ہیں! وہ گھبرا رہے ہیں کہ اگر طالب علمی کے زمانے میں ہی موٹے ہو کر ڈرم کی طرح گول ہو گئے ---- اور ڈاکٹر بننے کے بعد موٹاپے کے امکانات غیر روشن ہو گئے تو آمدنی کو کس بھاڑ میں جھونک سکیں گے؟ یہ غم حضرت کو کھائے جا رہا ہے۔ اگر کوئی صاحب ایک آدھ تیر بہدف نسخہ تجویز فرمائیں تو کرم بالائے کرم ہوگا!۔

قریشی صاحب کے کئی شغلے ہیں۔ آپ اس ڈاکٹری اصول پر بصدقِ دل ایمان رکھتے ہیں صحت قائم رکھنے کے لئے کوئی نہ کوئی مشغلہ ضرور ہونا چاہیئے ---- یوں تو اُن کے کئی مشاغل ہیں ---- لیکن سب سے بڑا مشغلہ "حلقہ دوستاں" کو وسیع سے وسیع تر کرنا ہے! اس ذوق کو پورا کرنے کے لئے اپنے اوقات کو نہایت فراخدلی سے قربان کرتے ہیں!! پھر "قلمی دوستی" کے بھی بڑے مداح ہیں لیکن وہ قلمی دوستی خاص احباب ہی سے کرتے ہیں۔ اُن کے نزدیک خاص دوستوں کے علاوہ باقی مخلوق کی حیثیت HEREMY BENTHAM کے بقول موسمِ گرما کی مکھیوں سے چنداں زیادہ نہیں۔

قریشی صاحب صرف اپنے "پیشے" ہی میں ماہر نہیں بلکہ ہر فن مولا ہیں! مطلب یہ ہے کہ ہر پھڈے میں ٹانگ اڑاتے ہیں۔ اور جب ٹانگ اٹھ جاتی ہے تو پھر دولتے جھاڑتے ہوئے راہِ فرار اختیار کر لیتے ہیں۔ مثلاً آج کل کرکٹ کا ہر جگہ چرچا ہے بلکہ میرا خیال تو یہی ہے کہ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اذان کے بعد غالباً اس کے کان میں کرکٹ کی "کومنٹری" ہی داخل کی جاتی ہے!! بچے، بوڑھے، نوجوان سب کے اعصاب پر کرکٹ کا بھوت سوار ہے!! معلوم ہوتا ہے کہ قریشی صاحب کے کان میں اذان دینا تو بھول گئے تھے صرف کومنٹری کو داخل کیا ہوگا ہے!! اب بھلا قریشی صاحب کیسے دلچسپی نہ لیں؟ دلچسپی کا ذکر ہی کیا، ہمالے سے یہ حضرت تو اپنے آپ کو کرکٹ کا باوا سمجھتے ہیں۔ لاہور میں پاکستانی ٹیم کی "شہادت" کی وجوہات اس طرح لہک لہک کر بیان کرتے ہیں جس طرح کوئی تاریخ دان خاندانِ مغلیہ کے زوال کے اسباب بیان کر رہا ہو!! لیکن کرکٹ کی مذمت کرنے والوں کے مجمعے میں یہی قریشی صاحب کروٹ بدلیں گے اور یوں گویا ہوں گے ---- "صاحب کرکٹ بھی کوئی گیم ہے، تین تین چار چار دن تک کوئی مُردہ بھی تختہ دار پہ لٹکنا پسند نہیں کرتا! اتنا طویل انتظار کرکٹ کی گیم کے لئے کرنا تو پرلے درجے کی حماقت ہے! کھلاڑیوں کی نہ صرف پینٹیں پھٹ جاتی ہیں بلکہ دیکھنے والوں کی آنکھیں بھی تھک جاتی ہیں (اور بیماری کا نام لیتے ہی قریشی صاحب کا چہرہ ایک دفعہ پھر کسی امید سے سُرخ ہو جاتا ہے) ایسی فضول گیم کا فائدہ ---- جس میں تفریح کی بجائے کوفت ہو؟ بہرحال بڑے "گپ نواز" ہیں! احباب کے ہجوم میں خوب بیٹھ جاتے ہیں کسی مسئلہ پر بحث بھی خوب کرتے ہیں لیکن جب ناکامی کے آثار ظاہر ہو جاتے ہیں تو فوراً بیٹھ جاتے ہیں۔ ورنہ وہاں سے اس طرح بھاگتے ہیں ---- جس طرح کابل قندھار کا پٹھان جون جولائی میں لاہور سے بھاگتا ہے!

یہ قریشی صاحب کچھ نوکیلے ٹائپ آدمی ہیں یعنی ہر وقت چُھری کی مونچھوں کی طرح "اکڑے" رہتے ہیں۔ حق بات تو یہ ہے کہ اُن کا سایہ اُن سے لمبا دکھائی دیتا ہے ---- کسی بزرگ کا قول سچا ہی ہے۔ "بانکی لکڑی کا بانکا سایہ"!!

قریشی صاحب کی طبیعت میں تلون کا مادہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ خیر سے آپ کا سینہ "عقابی روح" سے بھی لبریز ہے ---- وہی عقابی روح جس کے متعلق کسی نے کہا ہے ؎

عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں
تو ہڑتالیں کرا دیتی ہے سارے کارخانوں میں

کہا جاتا ہے کہ لاہور میں بوٹا سنگھ کی نعش کو میانی صاحب تک لے جانے والوں میں یہ حضرت بھی شامل تھے۔ بلکہ میرا خیال ہے انہوں نے "جنازے" کو کافی دور تک کندھا بھی دیا ہوگا۔ مگر جب حالات نے کروٹ بدلی تو یہی صاحب قبر کا نام و نشان مٹانے میں بھی پیش پیش

تھے۔ ایسے لوگ یقیناً ایک نہ ایک دن لیڈر بن جاتے ہیں —— بہرحال قریشی صاحب سے ضرور رسم و راہ پیدا کیجئے —— شاید ان کی ڈاکٹری اور لیڈری سے آپ کو بھی کوئی فائدہ پہنچ جائے —— ایسے آدمی بڑی مدت کے بعد زمین سے "اُگتے" ہیں۔ اگر مستقبل قریب میں عجیب و غریب "انسانوں" کا "ذخیرہ" کرنے کے لئے کوئی میوزیم یا عجائب گھر بنایا جائے —— تو میرا خیال ہے کہ جناب قریشی صاحب سے ہی اس کا "افتتاح" ہونا چاہیئے!! ؎

کب ایسے لوگ ہوتے ہیں پیدا جہاں میں
افسوس تم کو میر سے صحبت نہیں رہی

اقبال کی شاعری میں مناظرِ فطرت

(بقیہ صفحہ ۲۴)

اقبال کا کلام اسی خواب کی قلمی تعبیر ہے۔ اور عملی تعبیر قوم پر منحصر ہے۔ بہرکیف موضوع وسیع ہے اور یہ اوراق قرطاس محدود! ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اقبال نے عقل کے فلسفہ سے فطرت کی منظر کشی کا گہرا رابطہ قائم کر دیا ہے۔ یہ ایک خوشگوار جدت ہے جس کے لئے اُردو ادب اور قوم دونوں ہی اقبال کے ممنون رہیں گے۔

مقررین کی قسمیں

(بقیہ صفحہ ۳)

مقرروں کی قسمیں بیان ہو چکی ہیں۔ میری روح پُرفتوح کو تسکین اُس وقت ہوگی جب میری یہ حقیر محنت ٹھکانے لگے گی۔ وہ میری یہ حقیر محنت صرف اُسی وقت ٹھکانے لگے گی جب آپ ہر مقرر کو تقریر کرنے سے پہلے ہی بتا دیں کہ یا حضرت! آپ فلاں قسم سے تعلق رکھتے ہیں!! —— طوطے، لطیفے، یا پوڈری؟

محمد نعیم نیّر

رنگریزے

شہری: کل ایک استاد نے جانوروں کی بولیوں کی ہوبہو نقل اُتاری۔ اور جب وہ گدھے کی نقل اُتار رہے تھے۔ لوگوں نے ان پر نوٹ برسائے۔

دیہاتی: (فکر مند ہو کر) چودھویں صدی ہے بھائی! اب تو ہر بات عجیب ہوتی ہے۔ لوگ اصل کے مقابلے میں نقل کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔

عورت: (فون پر) ڈاکٹر صاحب! میرا بچہ ہولڈر کی نب نگل گیا ہے فوراً آیئے!

ڈاکٹر: (فون پر) میں دو مریض دیکھ کر آتا ہوں۔ فکر نہ کیجئے۔

عورت: (گھبراہٹ میں) مگر میں اس وقت تک کیا کروں؟

ڈاکٹر: جو لکھنا ہے پنسل سے لکھیے۔

"آج کل زندگی کی قدر بدل گئی ہے اور لوگ سانپ کے زہر کی بجائے اس کے حسن پر زور دینے لگے ہیں۔"

(عطاء اللہ سجاد)

"ہر بچہ اپنے ساتھ یہ پیغام لاتا ہے کہ خدا اپنے بندوں سے مایوس نہیں ہوا۔"

(ٹیگور)

کہانی

اختر وہاب
(آرٹس)

کناروں کے ساتھ ساتھ

کیپٹن لئیق باجرے کے کھیت کی مینڈھ کی اوٹ میں بیٹھا اپنے ساتھیوں کے ساتھ "ریوالور گیٹ" وگٹ کی سیدھ میں نظریں جمائے سکھوں اور ہندوؤں کی حملہ آور ٹولیوں کو منتشر کرنے کی فکر میں تھا۔ ہر طرف سے تاڑ تاڑ کی گونج اور دستی بموں کے دھماکے سنائی دے رہے تھے —— تھری ناٹ تھری کی گولیاں ان کے بالوں کو سہلاتی گذر رہی تھیں —— ٹامی گنوں کی رٹ..... ٹیٹ سے کان پھٹے جا رہے تھے —— نیزوں اور گنڈاسوں کے شور میں بھی اپنی بیوی اور بچے کا تصور جھول رہا تھا —— طلعت کا مسکراتا چہرہ اور شاکو کے ہنستے ہونٹ اس کے ذہن سے ہٹ چکے تھے —— اور وہ آہنی انسان حملہ آور ٹولیوں پہ جھپٹ پہ جھپٹ خالی کرتا جا رہا تھا۔ اس کے ساتھی مشکل سے سکھوں کی یلغار کو روکے ہوئے تھے ——

لئیق کی نظروں کے آگے کئی سکھ زخمی اور مرے پڑے تھے —— اللہ مہاراج اور رحما نصیوں کے منہ سے رام نام اور ست سری اکال کی بجائے گالیوں کا طوفان اُمڈ رہا تھا —— مینڈھ کا مورچہ باندھے بچپن مسلمانوں کی یہ ٹولی نہایت بے جگری سے لڑ رہی تھی۔ ملکی تقسیم کے سوال نے صورتحال کو ایک خون آشام جنگ کی شکل دے دیا۔ ہندو مسلم ایک دوسرے کی جان کے لاگو ہو گئے —— انسان، انسان کے خون سے پیاس بجھانے لگا —— خوبرو اور جوان سال مرد جنگ و جدل کی بھینٹ چڑھ گئے۔ ہزاروں بچے یتیم ہو گئے —— لاکھوں بیوہ ہو گئیں —— عورت کی عصمت و عفت کا تاج بھیڑیوں اور درندوں کے پنجوں میں الجھ کر رہ گیا ——

آج گاؤں کے رئیس شوکت جمال کا بیٹا لئیق جمال اپنے ساتھیوں کے ساتھ اپنے گاؤں کی بیٹیوں کی عزت کی حفاظت کے لئے لڑ رہا تھا —— درندوں کی اس یلغار کے آگے اپنے مستحکم عزائم کی خندقیں تعمیر کر رہا تھا —— جس کی انگلیوں کو اب ٹریگر پہ تھم کر رکنا نہیں آ رہا تھا ——

گاؤں کا ہر جوان لئیق کی جواں مردی —— قوت ارادی اور جرأت سے متاثر تھا —— دشمن کے مقابل وہ لوگ سر بکف ہو کر میدان کارزار میں آ بیٹھے تھے —— یہ منظم گاؤں کی مٹی اور ریت کے ٹیلوں کے محور سینے ان کی جواں مردی و جواں ہمتی کے آئینہ دار تھے —— ہر فرد کے ذہنی سمندر میں لئیق کی تقریر کی لہریں ارتعاش پیدا کر رہی تھیں ——

"ملت کے سپوتو! آج ہمارا سفینۂ حیات —— اگر ایک پُرسکون سطح پہ چلتے چلتے حالات کے بھنور میں آ پھنسا ہے —— ان گرداب کی مرتعش لہریں دھیرے دھیرے اس پہ غلبہ ڈالتی چلی جا رہی ہیں —— عرصۂ حیات ہم پر تنگ ہو چکا ہے —— ہماری بہنوں اور بیویوں کی عصمتیں ہمارے حوصلوں پہ آس لگائے بیٹھی ہیں۔ —— ہمارے بچوں اور بزرگوں کی زندگیاں ہمیں سسکتی ہوئی پُر امید نظروں سے دیکھ رہی ہیں —— دشمن کا زہر آشام پنجہ ہماری گردنوں تک پہنچ چکا ہے —— یہ وقت ہے رقیب کے ہاتھ سے ہی نیزہ چھین کر اس کی پسلیاں توڑ دو —— صفحۂ کائنات پر ایک عظیم کارنامہ ثبت کر دو۔ اس سیلاب کی سرکش موجوں کے آگے اپنی لاشوں کے بند باندھ دو —— تاریخ عالم ایک اور خون آشام ساکھ پر تھرا اٹھے —— اور

تمہاری آنے والی نسلیں تم پر فخر کر سکیں۔۔۔ ہوشیار۔۔۔ دشمن کے بھیجے اسلحہ و بارود سے پاش پاش کر دو۔۔۔۔"

اور پھر سچ مچ جیسے ہاتھوں میں رعد کی سی کڑک آ گئی —— دشمنوں کے سر کٹ کٹ کر گرنے لگے۔ مرنے والوں کی دلخراش چیخیں بارود کے بھیانک شور میں مدغم ہو کر رہ گئیں —— لیکن دوسرے لمحے خفیہ سمت سے "ست سری اکال" کے نعرے بلند ہوئے اور حویلی کے محافظ دستے کی بندوقیں شعلے اگلنے لگیں —— لئیق اب پچھلی جانب متوجہ ہو چکا تھا۔ باجرے کے کھیت میں کہنیوں کے بل رینگتا ہوا وہ حویلی کے صدر دروازے کی طرف سرک آیا —— سکھ محافظ اپنے ہاتھوں میں بندوقیں، پستول، کرپانیں اور برچھے تانے حویلی کے صدر دروازے پر حملہ آور ہو رہے تھے —— دیکھتے ہی دیکھتے قد آدم دروازہ ٹوٹ کر زمین بوس ہو گیا —— سکھ دستہ اندر گھستا چلا گیا۔ اندر سے فائروں کی بوچھاڑ نے ان کے قدموں میں بیڑیاں ڈال دیں۔ مگر یہ بوچھاڑ عارضی تھی ——

لئیق پوری قوت سے لڑ رہا تھا۔ اُسے اب اپنی جان کی حفاظت مقصود نہ تھی۔ وہ بغیر کوئی آڑ لئے بڑھتا چلا آ رہا تھا۔ اس کا ریوالور رام سنگھ، اودھے سنگھ، سندر پال، جیسرام، بلونت سنگھ، ابیت سنگھ اور موہن لال کی کھوپڑیوں میں سوراخ کرتا ہوا اب بھرت سنگھ کی شہ رگ کو "کور" کر رہا تھا ——

دفعتاً دھواں سا اٹھتا دکھائی دیا —— آگ کے لپکتے شعلوں نے حویلی کی عمارت کو اپنی آغوش میں لے لیا تھا۔ دہکتے بلکتے بچوں کو غمزدہ مائیں اپنی گودوں میں اٹھائے باہر کود پڑیں۔ پٹرول اور مٹی کا تیل چھڑکی دیواروں پر کھولتے تیلوں کی طرح ابل رہا تھا —— سکھ عورتوں پر پاگل پن سوار تھا۔ معصوم بچوں کو نیزوں اور برچھیوں پر اچھالا جانے لگا —— معصوم بچے۔۔۔۔ ننھی منی صورتیں۔۔۔ کپکپاتے ہونٹ۔۔۔ جھپکتی آنکھیں۔۔۔ لام۔۔۔ جنگ و جدل۔۔۔ مشین گنوں کی تڑ تڑ۔۔۔ پیچھے ہوں اور نادر بڑی بجھتی شکستہ آہیں۔۔۔ انگشت بدنداں عصمتیں۔۔۔ خون میں لتھڑی لاشیں، عالم میں لوٹتے زخمی اجسام، ہند و پاکستان کی تقسیم کا سوال مختلف جانوں میں الجھ کر رہ گیا —— دم توڑتی زندگیوں میں سمٹ گیا —— پاکستان اور ہندوستان کا قیام اور سرحد پر بہتا انسانی خون کا دریا ——

اٹھیں گئیں اب بھی چیخ رہی تھیں ——

دستی بم اچھل اچھل کر اودھم مچا رہے تھے۔ لئیق کی آنکھیں سرخ تھیں۔ غصے کا بحر بیکراں اس کی آنکھوں میں ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ اس کی پیشانی پر قہر و غضب کی لکیریں گہری ہوتی گئیں —— اور پھر اللہ اکبر کے فلک شگاف نعرے کے ساتھ مومن لپک پڑے —— مرد، عورتیں، اب بچے ہو کر خون کی ہولی کھیل رہے تھے۔ دیکھتے دیکھتے حویلی کا صحن لاشوں سے بھر گیا —— گلی سڑی لاشیں —— سسکتے دم توڑتے زخمی —— اب سکھ اور ہندو میدان چھوڑ کر بھاگ رہے تھے اور مسلمانوں کی متلاشی نظریں ماؤں اور بہنوں کو تلاش کرنے لگیں۔ لئیق اپنی بیوی طلعت کو آوازیں دے رہا تھا لیکن طلعت کا کہیں دور دور تک نام و نشان نہ تھا۔ نہ ہی اُسے اپنا بیٹا ٹاکو دکھائی دیا۔ وہ بے چینی میں ہیولوں اور ناموروں کے جھرمٹ سے نکل آیا۔ سعید، نجمی، بختیار اور فواد بھی اپنی عورتوں کی تلاش میں سرگرداں تھے ——

اچانک رحمت بابا نے آکر لئیق کا کندھا تھام لیا اور اسے جھنجوڑتے ہوئے چلا اٹھا —— "لئیق بیٹے بھاگ دوڑو —— جلدی کرو، طلعت اور دوسری عورتوں کو صبح ان کے بچوں کے ساتھ سکھوں کی ایک ٹولی حویلی کے دروازے سے لے کر فرار ہو گئی ہے —— بھاگو —— دوڑو ——"

اور پھر جیسے طوفان نے پیچھے کروٹ لی ہو —— لئیق اور اس کے کئی جانباز ساتھی سکھوں کے ٹھکانوں کی طرف اڑے جا رہے تھے —— اندھیری رات کی پراسرار تاریکی نے سارے گاؤں کو اپنی آغوش میں چھپا لیا تھا —— سیاہ رات کی تاریکیاں اور بھیانک تر لگیں شانہ بشانہ کائنات پر سونے لگیں —— لئیق اس تاریکی میں دشمنوں کا سینہ چیرتے ہوئے خم کے گردوارے کی طرف اڑا جا رہا تھا —— !

~~~~~~~~

ایک دھرم شالے کے تنگ برآمدے میں خالصہ پارٹی ڈیرے جمائے ہوئے تھی —— اغوا شدہ مسلمان عورتیں برآمدے کے ستونوں سے بندھی تخت پوش پر بیٹھے اپنے بچوں کو لرزتی نظروں سے دیکھ رہی تھیں —— طلعت کا چہرہ ٹاکو کو دوسرے بچوں کے ساتھ سکھوں کی تلواروں کے سامنے بیٹھے دیکھ کر پھیکا پڑ گیا تھا۔ اس کے آنسو ایک خاموش ندی کی طرح بہہ رہے تھے —— بھرت سنگھ ایک ہاتھ میں پیالہ لئے اور دوسرے ہاتھ
~~~~~~~~

صراحی تھامے نمودار ہوا۔ اس کی سرخ آنکھوں میں ہیجانی لہریں اُمڈ آئی تھیں ـــــ وہ شراب سے لبریز پیالہ لیا طلعت کے سامنے آ کھڑا ہوا ـــــ

"غیور مسلم سعد اللہ خاں کی بیٹی اور شہیدِ نگر کے رئیس کی حسین جمیل بیوی ـــــ! آج تیرا جسم، تیرے ہونٹ، تیرے عارض گنگنوں کی جھلملاہٹ ــ جھنجھر میرے لئے ہوں گی ـــــ تیرے شوہر کی زندگی کا آفتاب لبِ بام ہے۔ کل اس کی لاش اس دھرم شالے کے دریچوں میں لٹکائی جائے گی ـــــ ابھی تیرے سامنے تیرے بچے کو نیزے کی نوک پر اچھالا جائیگا ـــــ اور ـــــ"

طلعت کے حلق سے ایک طویل چیخ نکلی "نہیں ـــــ نہیں ـــــ تم ایسا نہیں کر سکتے" وہ اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونسے متواتر چیخے جا رہی تھی ـــــ مگر بھرن سنگھ کے قہقہے میں طلعت کی سسکیاں دب کر رہ گئیں وہ شراب کا پیالہ طلعت کے ہونٹوں کی طرف بڑھاتا ہوا بولا ـــــ

"پیاری ـــــ تم جو ہوگی وہی ہوگا ـــــ تم سکھ رسالے کے سردار بھرن سنگھ کی دھرم پتنی ہو گی ـــــ تمہیں امرت کے گھونٹ چکھنے ہوں گے ـــــ دیکھو تو ـــــ کتنی لذت اور شیرینی ہے اس میں ـــــ امرت جو ہوا امرت ـــــ آبِ حیات ـــــ ہا ہا ـــــ ہا ہا ہا !!!

اور پھر طلعت کے ہاتھ کی ٹھوکر سے پیالہ اچھل کر سردار کے منہ پر جا پڑا ـــــ فضا میں کانچ کی چوڑیوں کی جھنجھلاہٹ گونج کر رہ گئی بھرن سنگھ کی داڑھی دیسی شراب کے بلبلوں میں تر ہو گئی ـــــ بڑھ مٹیلی لیمپ کی مدھم روشنی میں اس کا چہرہ بڑا بھیانک لگ رہا تھا ـــــ

"اس کے بیٹے کو لاؤ ـــــ" ننھا ٹاکو کو لا کر آگے کھڑا کر دیا گیا ـــــ

بھرن سنگھ کی آنکھوں سے شعلے ابھر رہے تھے ـــــ دوسرے لمحے ٹاکو کا نازک جسم فضا میں بلند ہوا اور بھرن سنگھ کا نیزہ اس کے ننھے سے پیٹ کو چیرتا ہوا کمر کے پیچھے جا نکلا ـــــ طلعت چیخ مار کر بیہوش ہو گئی ـــــ بچہ نیزے کی نوک پر تڑپ تڑپ کر اپنے باپ کو پکار رہا تھا ـــــ "ڈیڈی ـــــ ڈیڈی ـــــ مجھے دشمنوں سے بچاؤ ـــــ (مجھے ظالموں سے بچاؤ) ـــــ" بھرن سنگھ جیسے کھینچ کھینچ قہقہے لگائے جا رہا تھا ـــــ دوسری مسلمان عورتیں اور بچے دم سادھے کھڑے تھے ـــــ ٹاکو سسک سسک کر ٹھنڈا ہو گیا اور پھر اس کا جسم فرش پر پڑا تھا ـــــ

پینے بعد دیگرے شراب کے کئی جام بھرن سنگھ کے حلق سے اتر رہے تھے ـــــ رات اور تاریک ہو چکی تھی ـــــ

بھرن سنگھ نے پانی منگوا کر طلعت کے چہرے پر چھڑکا ـــــ وہ ہوش میں آ کر چلانے لگی ـــ "ظالم ـــــ پاپی ـــــ خدا دیکھ رہا ہے ـــــ وہ تم سے پوچھے گا ـــــ تم میرے بھائی کی دوستی کا دم بھرتے تھے ـــــ مجھے اپنی بہن کہتے تھے" مگر بھرن سنگھ کے لمبے اور کھردرے ہاتھ طلعت کے گلو کی طرف بڑھنے لگے ـــــ اس نے اس کا لباس نوچ کر پھینک دیا ـــــ چاقو سے دھجیاں کاٹ دیں ـــــ اور اسے اپنے جسم سے چمٹانے کی کوشش کر رہا تھا کہ کئی فائر ہوئے ـــــ بھرن سنگھ تڑپ کر زمین پر گر پڑا ـــــ ایک گولی طلعت کا سینہ بھی چیر گئی ـــــ غلطی ہوئی

لئیق آ گیا تھا اپنے ساتھیوں کی جمعیت میں ـــــ سکھ ایک ایک کر کے مرتے گئے ـــــ سکھ عورتوں اور بچوں کو لا کر ایک قطار میں کھڑا کر دیا گیا ـــــ لئیق کی پھٹی پھٹی نظریں طلعت اور ٹاکو کی لاش پر جم گئیں ـــــ اس کا ذہن دھندلا گیا ـــــ اور اس نے لاشوں پر چادر ڈال دی ـــــ سکھ عورتیں اور بچے لئیق کو اپنی طرف آتا دیکھ کر سہم گئے ـــــ

اس نے ایک سکھ بچے کو اپنے بازوؤں میں جکڑ لیا اور بڑبڑانے لگا ـــــ "جس کھیت میں تمہارے اسلاف نے کانٹے بوئے ہیں وہ تمہارے لئے پھول نہیں پیدا کر یگا ـــــ" اور پھر وہ بچے کو فضا میں اچھالنے کی کوشش کر رہا تھا کہ ایک سکھ عورت نے آ کر اس کے پاؤں تھام لئے ـــــ

"سردار ایسا نہ کرو ـــــ تمہاری قوم تو اتنی سنگدل نہیں ہوتی ـــــ"

اور لئیق کے ہاتھ رک گئے وہ اس عورت کی طرف دیکھ رہا تھا اس کا ذہن اس سے آشنا تھا ـــــ یہ کوشنا تھی ـــــ کرشنا ـــــ!!

~~~~~~

اس کے تصور نے ایک بھی چھلانگ لگائی ذہنی چلمن کے پیچھے جھانکتی ہوئی یادوں میں الجھ گیا۔ اسے دہلی کی وہ شام یاد آ گئی ـــــ نکھری اور دھلی دھلی شام ـــــ پارک کی ایک بنچ پر بیٹھا وہ افقِ مغرب پر پام اور یوکلپٹس کے پودوں کے پیچھے سورج کو جھکتے دیکھ رہا تھا۔ اس کے سامنے پیچھے ہر طرف خاموشی اور ویرانی طاری تھی۔ سیمنٹ کے فوارے سے چھوٹتی پانی کی بوندیں ہنستو اور چمپا کی ان کلیوں کو گدگدا رہے
~~~~~~

کی شکل میں تھیں جو شاید کافی دیر سے کسی گہری سوچ میں مستغرق تھیں ——
انہیں جھنڈوں کے پیچھے اس نے ایک چیخ ابھرتی —— پتوں کی دیوار کے
ساتھ وہ دوڑتا چلا گیا۔ ایک آوارہ شخص ایک عورت کو چھیڑ رہا تھا جو
بے سکون چیختی جا رہی تھی —— وہ عورت تھی کرشنا —— اور مرد بھرن سنگھ
——

لئیق نے بڑھ کر بھرن سنگھ کے جبڑوں پر ایک گھونسہ رسید
کر دیا۔ ازلی بزدل بھرن سنگھ ایک ہی ضرب سے بھاگ نکلا۔ کرشنا
لئیق کو تشکر اور شرم کے ملے جلے جذبات سے دیکھ رہی تھی۔
